# دعائے جوشن کبیر

<"xml encoding="UTF-8?>

ماخوذ ازکتاب مفاتیح الجنان و باقیات الصالحات (اردو)
تألیف : شیخ عباس بن محمد رضا قمی
تر جمہ: ہئیت علمی مؤسسہ امام المنتظر (عج)

دعائے جوشن کبیر بلدالامین و مصباح کفعمی میں مروی ہے کہ امام زین العابدین -نے اپنے والد گرامی سے اور انہوں نے اپنے والد امیر المومنین (ع)سے اور انہو ںنے حضرت رسول سے روایت کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ دعا جبرائیل (ع)نے ایک جنگ کے دوران آنحضرت (ص) کو پہنچائی اس وقت آپ نے بھاری بھر کم زرہ پہن رکھی تھی ، جسکے بوجھ سے آپ(ص) کے جسم کو تکلیف ہو رہی تھی۔ جبرائیل (ع)نے عرض کی کہ یامحمد مصطفٰی (ص) آپکا رب آپکو سلام کہتا ہے اور فرماتا ہے کہ یہ بھاری زرہ اتار دیں اور یہ دعا پڑھیں کہ یہ آپ کیلئے اور آپکی امت کیلئے حفظ و امان کی باعث ہے۔پھر اس دعا کے اور فضائل و فوائد بھی بتائے کہ جنکے ذکر کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔ چنانچہ اس ضمن میں فرمایا کہ جو شخص اسے کفن پر لکھے تو خدا کی رحمت سے دور ہے کہ اسے جہنم میں جلائے۔ اور جو شخص رمضان المبارک کی پہلی رات، خلوص نیت کے ساتھ یہ دعا پڑھے تو اسکو شب قدر دیکھنا نصیب ہو گی اور خدا وند عالم اسکی خاطر ستر ہزار فرشتے پیدا کرے گا جو تسبیح و تقدیس کریں گے کہ جسکا ثواب اسکو ملے گا۔ اسکی مزید فضیلت بھی بیان ہوئی ہے کہ جو شخص ماہ رمضان میں تین مرتبہ یہ دعا پڑھے تو خدا تعالی اسکے جسم پر جہنم کی آگ حرام کر دیگا، جنت اس کیلئے واجب قرار دے گا اور دو فرشتے اس پر مقرر کر دے گا جو گناہوں سے اسکی حفاظت کریں گے اور وہ زندگی بھر خدا کی امان میں رہے گا۔اور روایت کے آخر میں ہے کہ امام حسین -نے فرمایا : میرے والد گرامی علی ابن ابی طالب * نے مجھے اس دعا کومحفوظ کرنے کی وصیت فرمائی اور ہدایت کی کہ میں اسے انکے کفن پر لکھوں، اپنے اہلبیت کو اس کی تعلیم دوں اور انہیں اسکے پڑھنے کی ترغیب دلائوں۔ یہ ہزار اسم ہیں کہ انہیں میں اسم اعظم ہے۔مؤلف کہتے ہیں کہ اس روایت سے دوباتیں معلوم ہوتی ہیں ، ایک یہ کہ اس دعا کا کفن پر لکھنا مستحب ہے۔ جیسا کہ علامہ بحرالعلوم ﴿خدا انکی قبر کو معطر فرمائے ﴾نے اپنی کتاب درّہ میں اسکی طرف اشارہ کیا ہے۔

وَسُنَّ  َنْ يَكْتُبَ بِالْاَكْفانِ شَهادَةُ الِاسْلامِ وَالْاِيْمَانِ

سنت ہے کہ میت کے کفن پر لکھا جائے، اسلام اور ایمان کی شہادت

وَهَكَذا كِتابَةُ الْقُرْآنِ وَالْجَوْشَنِ الْمَنْعُوتِ بِالْاَمَانِ

اسی طرح قرآن کریم بھی لکھا جائے اور دعا جوشن کو لکھا جائے جو وسیلہِ حفظ و امان ہے

دوسری یہ کہ اس دعا کوآغاز ماہ رمضان میں پڑھنا مستحب ہے، لیکن اس کا شب قدر میں پڑھنے کے بارے میں مذکورہ روایت میں کوئی تذکرہ نہیں ہے ۔ تاہم علامہ مجلسی (رح) نے زاد المعاد میں شب قدر کے اعمال میں اسکا ذکر کیا ہے۔اوربعض روایات میں ہے کہ دعا جوشن کبیر کو شب قدر کی تینوںراتوں میں پڑھا جائے اور ہمارے لئے اس مقام پر بزرگوار کا فرمان ہی کافی ہے﴿الله انہیں دار الاسلام میں داخل کرے﴾۔ خلاصہ یہ کہ اس دعا کی ایک سو فصلیں ہیں اور ہر فصل میں االلہ تعالیٰ کے دس اسمائ ہیں اور ضروری ہے کہ ہر فصل کے آخر

میں کہیں:
سُبْحانَکَ یَا لاَ إِلہَ إِلاَّ َنْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النَّارِیَارَبِّ۔
توپاک ہے اے وہ کہ تیرے سو اکوئی معبود نہیں فریاد رسوں کے فریاد رس اے رب ہمیں آگ سے نجات عطا فرما
۔
بلدالامین میں ہے کہ ہر فصل سے پہلے بِسْمِ االلّٰہ کہیں اور ہر فصل کے بعدکہیں:
سُبْحانَکَ یَا لاَ إِلہَ إِلاَّ َ نْتَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ الْغَوْثَ صَلِّ عَلی مُحَمَّدٍ وَآلِہِ وَخَلِّصْنا
تو پاک ہے اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد رسوں کے فریاد رس رحمت فرما محمد (ص) وآل (ع)
محمد پر اورہمیںآگ سے نجات دے
مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ، یَا ذَا الْجَلالِ وَالْاِکْرامِ، یَا َرْحَمَ الرَّاحِمِینَ ۔
اے رب ،اے صاحب جلالت و بزرگی والے، اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔
دعائ جوشن کبیر یہ ہے:
﴿1﴾ اَللّٰھُمَّ إِنِّی َسْئَلُکَ بِاسْمِکَ یَا االلّٰہُ، یَا رَحْمنُ، یَا رَحِیمُ، یَا کَرِیمُ، یَا مُقِیمُ
اے معبود میں تجھ سے تیرے نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے االلّٰہ اے بخشنے والے اے مہربان اے کرم کرنے والے اے ٹھہرنے والے
یَا عَظِیمُ یَا قَدِیمُ یَا عَلِیمُ یَا حَلِیمُ یَا حَکِیمُ سُبْحانَکَ یَا لاَ إِلہَ إِلاَّ َنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ
اے بڑائی والے اے سب سے پہلے اے علم والے اے بردبار اے حکمت والے ۔ تو پاک ہے اے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں فریاد سن فریاد سن
خَلِّصْنا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ ﴿2﴾ یَا سَیِّدَ السَّاداتِ یَا مُجِیبَ الدَّعَواتِ، یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ
ہمیں آگ سے نجات دے اے پروردگار اے سرداروں کے سردار اے دعائیں قبول کرنے والے اے درجات بلند کرنے والے
یَا وَ لِیَّ الْحَسَناتِ، یَا غَافِرَ الْخَطِیئاتِ، یَا مُعْطِیَ الْمَسْ َلاتِ، یَا قابِلَ التَّوْباتِ، یَا سَامِعَ
اے نیکیوں میں مدد دینے والے اے گناہوں کے بخشنے والے اے حاجات پوری کرنے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے آوازوں کے
الْاَصْواتِ، یَا عَالِمَ الْخَفِیَّاتِ، یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ ﴿3﴾ یَا خَیْرَ الْغافِرِینَ، یَا خَیْرَ الْفاتِحِینَ،
سننے والے اے چھپی چیزوں کے جاننے والے اے بلائیں دور کرنے والے اے بخشنے والوں میں بہتر اے فتح کرنے والوں میں بہتر
یَا خَیْرَ النَّاصِرِینَ یَا خَیْرَ الْحَاکِمِینَ یَا خَیْرَ الرَّازِقِینَ یَا خَیْرَ الْوَارِثِینَ یَا خَیْرَ الْحَامِدِینَ،
اے مدد کرنے والوں میں بہتر اے حاکموں میں بہتر اے رزق دینے والوں میں بہتر اے وارثوں میں بہتر اے تعریف کرنے والوں میں بہتر
یَا خَیْرَ الذَّاکِرِینَ یَا خَیْرَ الْمُنْزِلِینَ، یَا خَیْرَ الْمحْسِنِینَ، ﴿4﴾ یَا مَنْ لَہُ الْعِزَّۃُ وَالْجَمالُ،
اے ذکر کرنے والوں میں بہتر اے میزبانوں میں بہتراے احسان کرنے والوں میں بہتر۔ اے وہ جس کیلئے عزت اور جمال ہے
یَا مَنْ لَہُ الْقُدْرَۃُ وَالْکَمالُ، یَا مَنْ لَہُ الْمُلْکُ وَالْجَلالُ، یَا مَنْ ھُوَ الْکَبِیرُ الْمُتَعالِ، یَا
اے وہ جس کے لیے قدرت اور کمال ہے اے وہ جسکے لیے ملک اور جلال ہے اے وہ جو بڑائی والا بلند تر ہے اے
مُنْشِیَٔ السَّحابِ الثِّقالِ، یَا مَنْ ھُوَ شَدِیدُ الْمِحالِ، یَا مَنْ ھُوَ سَرِیعُ الْحِسابِ، یَا مَنْ ھُوَ

بھرے بادلوں کے پیدا کرنے والے اے وہ جو بہت زیادہ قوت والا ہے اے وہ جو تیز تر حساب کرنے والا ہے اے وہ جو
شَدِیدُ الْعِقابِ، یَا مَنْ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوابِ، یَا مَنْ عِنْدَهُ ُمُّ الْکِتابِ ﴿5﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّی
سخت عذاب دینے والا ہے اے وہ جسکے ہاں بہترین ثواب ہے اے وہ جسکے پاس لوح محفوظ ہے۔ اے معبود! تجھ سے
َسْ َلُکَ بِاسْمِکَ یَا حَنَّانُ، یَا مَنَّانُ، یَا دَیَّانُ، یَا بُرْہانُ، یَا سُلْطانُ، یَا رِضْوانُ،
سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے محبت والےاےاحسان کرنی والےاےبدلہ دینےوالےاےدلیل روشن اےصاحب سلطنت اےراضی ہونےوالے
یَا غُفْرانُ، یَا سُبْحانُ، یَا مُسْتَعانُ، یَا ذَا الْمَنِّ وَالْبَیانِ ۔ ﴿6﴾ یَا مَنْ تَواضَعَ کُلُّ شَیْئٍ
اے بخشنے والے اے پاکیزگی والے اے مدد کرنے والے اے صاحب احسان وبیان۔ اے وہ جس کی عظمت کے آگے سب چیزیں
لِعَظَمَتِهِ، یَا مَنِ اسْتَسْلَمَ کُلُّ شَیْئٍ لِقُدْرَتِهِ، یَا مَنْ ذَلَّ کُلُّ شَیْئٍ لِعِزَّتِهِ، یَا مَنْ خَضَعَ کُلُّ
جھکی ہوئی ہیاے وہ جسکی قدرت کے سامنےہر شے سرنگوں ہےاےوہ جسکی بڑائی کے سامنےہرچیز پست ہےاےوہ جسکے خوف سے ہر چیز
شَیْئٍ لِهَیْبَتِهِ، یَا مَنِ انْقادَ کُلُّ شَیْئٍ مِنْ خَشْیَتِهِ، یَا مَنْ تَشَقَّقَتِ الْجِبالُ مِنْ مَخافَتِهِ، یَا مَنْ
دبی ہوئی ہے اے وہ جسکے ڈر سے ہر چیز فرمانبردار بنی ہوئی اے وہ جسکے خوف سے پہاڑ پھٹ جاتے ہیں اے وہ جسکے
قامَتِ السَّمَاوَاتُ بِ َمْرِهِ یَا مَنِ اسْتَقَرَّتِ الْاَرَضُونَ بِ إِذْنِهِ، یَا مَنْ یُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ، یَا
حکم سے آسمان کھڑے ہیں اے وہ جسکے اذن سے زمینیں ٹھہری ہوئی ہیں اے وہ کہ کڑکتی بجلی جسکی تسبیح خواں ہے اے
مَنْ لاَ یَعْتَدِی عَلی َهْلِ مَمْلَکَتِهِ ﴿7﴾ یَا غافِرَ الْخَطایا یَا کاشِفَ الْبَلایا یَا مُنْتَهَی الرَّجایَا
وہ جو اپنے زیر حکومت لوگوں پر ظلم نہیں کرتا اے گناہوں کے بخشنے والے اے بلائیں دور کرنے والے اے امیدوں کے آخری مقام
یَا مُجْزِلَ الْعَطایَا، یَا واهِبَ الْهَدایَا، یَا رازِقَ الْبَرایا، یَا قَاضِیَ الْمَنایا، یَا سَامِعَ الشَّکَایا،
اے بہت عطائوں والے اے تحفے عطا کرنے والے اے مخلوق کو رزق دینے والے اے تمنائیں پوری کرنے والے اے شکایتیں سننے والے
یَا بَاعِثَ الْبَرایا یَا مُطْلِقَ الأُسارى ﴿8﴾ یَا ذَا الْحَمْدِ وَالثَّنائِ، یَا ذَا الْفَخْرِ وَالْبَہائِ، یَا ذَا
اے مخلوق کو زندہ کرنے والے اے قیدیوں کو آزاد کرنے والے اے تعریف و ثنائ کرنے والے اے فخر و خوبی والے اے
الْمجْدِ وَالسَّنائِ، یَا ذَا الْعَهْدِ وَالْوَفائِ، یَا ذَا الْعَفْوِ وَالرِّضائِ، یَا ذَا الْمَنِّ وَالْعَطَائِ، یَا ذَا
بزرگی و بلندی والے اے عہد اور وفا والے اے معافی دینے والے اور راضی ہونے والے اے عطا و بخشش کرنے والے اے
الْفَصْلِ وَالْقَضائِ، یَا ذَا الْعِزِّ وَالْبَقائِ، یَا ذَا الْجُودِ وَالسَّخائِ، یَا ذَا الأَلاَئِ وَالنَّعْمَائِ ﴿9﴾
فیصلے اور انصاف والے اے عزت اور بقائ والے اے عطائ و سخاوت والے اے رحمتوں اور نعمتوں والے
اَللّٰهُمَّ إِنِّی َسْ َ لُکَ بِاسْمِکَ یَا مانِعُ، یَا دافِعُ، یَا رافِعُ، یَا صانِعُ، یَا نافِعُ،
اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے روکنے والے اے ہٹانے والے اے بلندکرنے والے
اے بنانے والے اے نفع والے یَا سامِعُ، یَا جامِعُ، یَا شافِعُ، یَا واسِعُ، یَا مُوسِعُ ﴿10﴾ یَا صانِعَ کُلِّ مَصْنُوعٍ،

اے سننے والے اے جمع کرنے والے اے شفاعت کرنے والے اے کشادگی والے اے وسعت دینے والے اے ہر مصنوع کے صانع

يَا خالِقَ كُلِّ مَخْلُوقٍ يَا رازِقَ كُلِّ مَرْزُوقٍ يَا مالِکَ كُلِّ مَمْلُوكٍ يَا كَاشِفَ كُلِّ مَكْرُوبٍ

اے ہر مخلوق کے خالق اے ہررزق پانے والے کے رازق اے ہر مملوک کے مالک اے ہر دکھی کا دکھ دور کرنے والے

يَا فَارِجَ كُلِّ مَهْمُومٍ، يَا رَاحِمَ كُلِّ مَرْحُومٍ، يَا نَاصِرَ كُلِّ مَخْذُولٍ، يَا سَاتِرَ كُلِّ مَعْيُوبٍ،

اے ہر پریشان کی پریشانی مٹانے والے اے ہر رحم کیے گئے پر رحم کرنے والے اے ہر بے سہار کے مددگار اے ہربرائی پر پردہ ڈالنے والے

يَا مَلْجَ َ كُلِّ مَطْرُودٍ ﴿11﴾ يَا عُدَّتِي عِنْدَ شِدَّتِي، يَا رَجَائِي عِنْدَ مُصِيبَتِي، يَا مُؤْ نِسِي

اے ہر راندے گئے کی پناہ گاہ ۔اے سختی کے وقت میرے سرمایہ اے مصیبت میں میری امید گاہ

عِنْدَ وَحْشَتِي، يَا صَاحِبِي عِنْدَ غُرْبَتِي، يَا وَ لِيِّي عِنْدَ نِعْمَتِي، يَا غِياثِي عِنْد كُرْبَتِي،

اے وحشت کے وقت میرے ہمدم اے میری تنہائی میں میرے ساتھی اے نعمت میں میری کفالت کرنے والے اے دکھ درد میں میرے مددگار

يَا دَلِيلِي عِنْدَ حَيْرَتِي، يَا غَنائِي عِنْدَ افْتِقارِي، يَا مَلْجَيِي عِنْدَ اضْطِرارِي، يَا مُعِينِي عِنْدَ

اے حیرت کے وقت میرے رہنما اے محتاجی کے وقت میرے سرمایہ اے برقراری کے وقت میری پناہ گاہ اے فریاد کے وقت

مَفْزَعِي ﴿12﴾ يَا عَلاَّمَ الْغُيُوبِ يَا غَفَّارَ الذُّنُوبِ يَا سَتَّارَ الْعُيُوبِ يَا كَاشِفَ الْكُرُوبِ

میرے مددگار ۔ اے ہر غیب کے جاننے والے اے گناہوں کے بخشنے والے اے عیبوں کے چھپانے والے اے مصیبتیں دور کرنے والے

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ يَا طَبِيبَ الْقُلُوبِ يَا مُنَوِّرَ الْقُلُوبِ يَا  َنِيسَ الْقُلُوبِ، يَا مُفَرِّجَ الْهُمُومِ،

اے دلوں کو پلٹنے والے اے دلوں کے معالج اے دلوں کے روشن کرنے والے اے دلوں کے ہمدم اے غموں کی گرہ کھولنے والے

يَا مُنَفِّسَ الْغُمُومِ ﴿13﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي  َسْ َ لُکَ بِاسْمِکَ يَا جَلِيلُ، يَا جَمِيلُ، يَا وَكِيلُ،

اے غموں کو دور کرنے والے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے اے جلال والے اے جمال والے اے کارساز

يَا كَفِيلُ، يَا دَلِيلُ، يَا قَبِيلُ، يَا مُدِيلُ، يَا مُنِيلُ، يَا مُقِيلُ، يَا مُحِيلُ ﴿14﴾ يَا دَلِيلَ

اے سرپرست اے رہنما اے قبول کرنے والے اے رواں کرنے والے اے بخشنے والے اے معاف کرنے والے اے جگہ دینے والے اے سرگردانوں

الْمُتَحَيِّرِينَ، يَا غِياثَ الْمُسْتَغِيثِينَ، يَا صَرِيخَ الْمُسْتَصْرِخِينَ، يَا جارَ الْمُسْتَجِيرِينَ،

کے رہنما اے پکارنے والوں کی مدد کرنے والے اے فریادیوں کی فریاد کو پہنچنے والے اے پناہ طلب کرنے والوں کی پناہ

يَا  َمانَ الْخَائِفِينَ، يَا عَوْنَ الْمُؤْمِنِينَ، يَا رَاحِمَ الْمَساكِينَ، يَا مَلْجَ َ الْعَاصِينَ، يَا غافِرَ

اے ڈرنے والوں کی ڈھارس اے مومنوں کے مددگار اے بے چاروں پر رحم کرنے والے اے گنہگاروں کی پناہ اے خطاکاروں

الْمُذْنِبِينَ يَا مُجِيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّينَ ﴿15﴾ يَا ذَا الْجُودِ وَالْاِحْسانِ يَا ذَا الْفَضْلِ وَالْاِمْتِنانِ

کے بخشنے والے اے بے قراروں کی دعا قبول کرنے والے اے صاحب جود و احسان اے صاحب فضل و منت
یَا ذَا الْاَمْنِ وَالْاَمانِ یَا ذَا الْقُدْسِ وَالسُّبْحانِ یَا ذَا الْحِکْمَۃِ وَالْبَیانِ یَا ذَا الرَّحْمَۃِ وَالرِّضْوانِ
اے صاحب امن و امان اے طہارت و پاکیزگی والے اے حکمت و بیان والے اے رحمت و رضا والے
یَا ذَا الْحُجَّۃِ وَالْبُرْہانِ یَا ذَا الْعَظَمَۃِ وَالسُّلْطَانِ یَا ذَا الرَّ ْفَۃِ وَالْمُسْتَعانِ یَا ذَا الْعَفْوِ وَالْغُفْرانِ ﴿16﴾
اے حجت اور روشن دلیل والے اے عظمت و سلطنت والے اے مہربانی کرنے اور مدد دینے والے اے معافی دینے اور بخشنے والے۔
یَا مَنْ ھُوَ رَبُّ کُلِّ شَیْئٍ یَا مَنْ ھُوَ إلہُ کُلِّ شَیئٍ یَا مَنْ ھُوَ خالِقُ کُلِّ شَیْئٍ یَا مَنْ ھُوَ صَانِعُ
اے وہ جو ہر چیز کا پروردگار ہے اے وہ جو ہرشے کامعبود ہے اے وہ جو ہر چیز کا خالق ہے اے وہ جو ہرچیز کا
کُلِّ شَیْئٍ، یَا مَنْ ھُوَ قَبْلَ کُلِّ شَیْئٍ ، یَا مَنْ ھُوَ بَعْدَ کُلِّ شَیْئٍ، یَا مَنْ ھُوَ فَوْقَ کُلِّ شَیْئٍ،
بنانے والا ہے اے وہ جو ہر شے سے پہلے تھا اے وہ جو ہر شے کے بعد رہے گا اے وہ جو ہر شے سے بلند ہے
یَا مَنْ ھُوَ عَالِمٌ بِکُلِّ شَیْئٍ یَا مَنْ ھُوَ قادِرٌ عَلَی کُلِّ شَیْئٍ یَا مَنْ ھُوَ یَبْقی وَیَفْنی کُلُّ شَیْئٍ﴿17﴾
اے وہ جو ہر چیز کاجاننے والا ہے اے وہ جو ہر چیز پر قادر ہے اے وہ جو باقی رہے گا جب ہر چیز فنا ہو جائے گی۔
اَللّٰھُمَّ إنِّی ٔسْ ٔلُکَ بِاسْمِکَ یَا مُؤْمِنُ، یَا مُھَیْمِنُ، یَا مُکَوِّنُ، یَا مُلَقِّنُ، یَا مُبَیِّنُ،
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے امن دینے والے اے نگہبان اے کائنات بنانے والے اے تلقین کرنے والے اے ظاہر کرنے والے
یَا مُھَوِّنُ، یَا مُمَکِّنُ، یَا مُزَیِّنُ، یَا مُعْلِنُ، یَا مُقَسِّمُ ۔ ﴿18﴾ یَا مَنْ ھُوَ فِی مُلْکِہِ مُقِیمٌ،
اے آسان کرنے والے اے قدرت دینے والے اے زینت دینے والے اے اعلان کرنے والے اے باٹنے والے ۔ اے وہ جو اپنے اقتدار پر میں پائیدار ہے
یَا مَنْ ھُوَ فِی سُلْطانِہِ قَدِیمٌ یَا مَنْ ھُو فِی جَلالِہِ عَظِیمٌ یَا مَنْ ھُوَ عَلَی عِبادِہِ رَحِیمٌ یَا مَنْ ھُوَ
اے وہ جو اپنی سلطنت میں قدیم ہے اے وہ جو اپنی شان میں بلند تر ہے اے وہ جو اپنے بندوں پر مہربان ہے اے وہ جو
بِکُلِّ شَیْئٍ عَلِیمٌ یَا مَنْ ھُوَ بِمَنْ عَصاھُ حَلِیمٌ یَا مَنْ ھُوَ بِمَنْ رَجاھُ کَرِیمٌ یَا مَنْ ھُوَ فِی صُنْعِہِ
ہر چیز کا جاننے والا ہے اے وہ جو نافرمان سے نرمی کرنے والا ہے اے وہ جو امیدوارپر کرم کرنے والا ہے اے وہ جو اپنی صنعت میں
حَکِیمٌ، یَا مَنْ ھُوَ فِی حِکْمَتِہِ لَطِیفٌ، یَا مَنْ ھُوَ فِی لُطْفِہِ قَدِیمٌ ۔ ﴿19﴾ یَا مَنْ لاَ یُرْجی
حکمت والا ہے اے وہ جو اپنی حکمت میں باریک بین ہے اے وہ جس کا احسان قدیم ہے۔ اے وہ جس سے اس کے فضل کی امید کی
إلاَّ فَضْلُہُ، یَا مَنْ لاَ یُسْ ٔلُ إلاَّ عَفْوُھُ، یَا مَنْ لاَ یُنْظَرُ إلاَّ بِرُّھُ، یَا مَنْ لاَ یُخافُ إلاَّ عَدْلُہُ، یَا
جاتی ہے اے وہ جس کی بخشش کاسوال کیا جاتا ہے اے وہ جس سے بھلائی کی آس ہے اے وہ جسکے عدل سے خوف آتا ہے اے
مَنْ لاَ یَدُومُ إلاَّ مُلْکُہُ، یَا مَنْ لاَ سُلْطانَ إلاَّ سُلْطانُہُ، یَا مَنْ وَسِعَتْ کُلَّ شَیْئٍ رَحْمَتُہُ،
وہ جسکی حکومت ہمیشہ رہے گی اے وہ جسکی سلطنت کے سوا کوئی سلطنت نہیں اے وہ جسکی رحمت ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے
یَا مَنْ سَبَقَتْ رَحْمَتُہُ غَضَبَہُ یَا مَنْ ٔحاطَ بِکُلِّ شَیْئٍ عِلْمُہُ، یَا مَنْ لَیْسَ ٔحَدٌ مِثْلُہُ ﴿20﴾

اے وہ جسکی رحمت اسکے غضب سے آگے ہے اے وہ جسکا علم ہر چیز پر حاوی ہے اے وہ کہ جس جیسا کوئی نہیں ہے۔
يَا فارِجَ الْهَمِّ، يَا كَاشِفَ الْغَمِّ، يَا غَافِرَ الذَّنْبِ، يَا قَابِلَ التَّوْبِ، يَا خَالِقَ الْخَلْقِ، يَا صَادِقَ
اے اندیشے ہٹا دینے والے اے غم دور کرنے والے اے گناہ معاف کرنے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے مخلوقات کے خالق اے وعدے
الْوَعْدِ يَا مُوفِيَ الْعَهْدِ، يَا عَالِمَ السِّرِّ، يَا فَالِقَ الْحَبِّ، يَا رَازِقَ الْاَنامِ ۔ ﴿21﴾ اَللّٰهُمَّ إنِّى
میں سچے اے عہد پورا کرنے والے اے راز کے جاننے والے اے دانے کو چیرنے والے اے لوگوں کے رازق۔ اے معبود میں تجھ سے
َسْـ َلُكَ بِاسْمِكَ يَا عَلِيُّ يَا وَفِيُّ، يَا غَنِيُّ، يَا مَلِيُّ، يَا حَفِيُّ، يَا رَضِيُّ، يَا زَكِيُّ، يَا بَدِيُّ،
تیرے نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے بلند اے وفادار‌اے بے نیاز‌اے مہربان‌اے احسان کرے والے‌اےپسندیدہ اے پاکیزہ اے ابتدا کرنے والے
يَا قَوِيُّ يَا وَ لِيُّ﴿22﴾ يَا مَنْ َظْهَرَ الْجَمِيلَ يَا مَنْ سَتَرَ الْقَبِيحَ يَا مَنْ لَمْ يُوَاخِذْ بِالْجَرِيرَةِ
اے قوت والے اے حاکم۔ اے وہ جس نے نیکی کو ظاہر کیا اے وہ جس نے بدی کو ڈھانپا اے وہ جس نے جرم پر گرفت نہیں فرمائی
يَا مَنْ لَمْ يَهْتِكِ السِّتْرَ، يَا عَظِيمَ الْعَفْوِ، يَا حَسَنَ التَّجاوُزِ، يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ، يَا بَاسِطَ
اے وہ جس نے پردہ فاش نہیں کیا اے بہت معاف کرنے والے اے بہترین درگزر کرنے والے اے وسیع مغفرت والے اے دونوں ہاتھوں
الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوى يَا مُنْتَهى كُلِّ شَكْوى ﴿23﴾ يَا ذَا النِّعْمَةِ السَّابِغَةِ
سے رحمت کرنے والے اے ہر سرگوشی کے مالک اے شکایت سننے والے۔ اے کامل نعمت کے مالک
يَا ذَا الرَّحْمَةِ الْواسِعَةِ، يَا ذَا الْمِنَّةِ السَّابِقَةِ، يَا ذَا الْحِكْمَةِ الْبَالِغَةِ، يَا ذَا الْقُدْرَةِ الْكَامِلَةِ،
اے وسیع رحمت والے اے احسان میں پہل کرنے والے اے بھرپور حکمت والے اے کامل قدرت والے
يَا ذَا الْحُجَّةِ الْقَاطِعَةِ يَا ذَا الْكَرامَةِ الظَّاهِرَةِ يَا ذَا الْعِزَّةِ الدَّائِمَةِ، يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِينَةِ، يَا ذَا
اے قاطع دلیل والے اے کھلی سخاوت والے اے ہمیشہ کی عزت والے اے مضبوط قوت والے اے سب سے
الْعَظَمَةِ الْمَنِيعَةِ﴿24﴾ يَا بَدِيعَ السَّمَاواتِ يَا جَاعِلَ الظُّلُماتِ يَا رَاحِمَ الْعَبَراتِ يَا مُقِيلَ
زیادہ عظمت والے۔ اے آسمانوں کے بنانے والے اے تاریکیوں کو وجود میں لانے والے اے آنسوؤں پر رحم کرنے والے اے لغزشوں کے
الْعَثَراتِ، يَا سَاتِرَ الْعَوْراتِ، يَا مُحْيِيَ الْاَمْواتِ، يَا مُنْزِلَ الأَياتِ، يَا مُضَعِّفَ الْحَسَنَاتِ،
معاف کرنے والے اے عیبوں کے چھپانے والے اے مردوں کو زندہ کرنے والے اے آیات کے نازل کرنے والے اے نیکیوں کو دوچند کرنے والے
يَا مَاحِيَ السَّيِّئاتِ، يَا شَدِيدَ النَّقِماتِ ﴿25﴾ اَللّٰهُمَّ إنِّى َسْـ َلُكَ بِاسْمِكَ يَا مُصَوِّرُ،
اے گناہوکے مٹانے والے اے سخت بدلہ لینے والے۔اے معبود! میں تجھ سے تیرے ہی نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں اے صورت ساز
يَا مُقَدِّرُ يَا مُدَبِّرُ يَا مُطَهِّرُ يَا مُنَوِّرُ يَا مُيَسِّرُ، يَا مُبَشِّرُ، يَا مُنْذِرُ، يَا مُقَدِّمُ، يَا مُوَخِّرُ ﴿26﴾
اے تقدیر بنانے والے اے تدبیر کرنے والے اے پاک کرنے والے اے روشن کرنے والے اے آسان کرنے والے اے بشارت

دینے والے اے سب سے پہلے اے سب سے آخری
یَا رَبَّ الْبَيْتِ الْحَرامِ يَا رَبَّ الشَّهْرِ الْحَرامِ يَا رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرامِ، يَا رَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقامِ
اے مقدس گھر کے رب اے مقدس مہینے کے رب اے مقدس شہر کے رب اے رکن و مقام کے رب
يَا رَبَّ الْمَشْعَرِ الْحَرامِ يَا رَبَّ الْمَسْجِدِ الْحَرامِ يَا رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرامِ يَا رَبَّ النُّورِ وَالظَّلامِ
اے معشر الحرام کے رب اے مسجد الحرام کے رب اے حلال و حرام کے رب اے روشنی و تاریکی کے رب
يَا رَبَّ التَّحِيَّةِ وَالسَّلامِ يَا رَبَّ الْقُدْرَةِ فِى الْأَنامِ۔ ﴿27﴾ يَا ٲحْكَمَ الْحاكِمِينَ، يَا ٲعْدَلَ
اے درود و سلام کے رب اے لوگوںمیں زیادہ توانائی پیدا کرنے والے۔ اے حاکموں میں بڑے حاکم اے عادلوں میں
الْعادِلِينَ يَا ٲصْدَقَ الصَّادِقِينَ يَا ٲطْهَرَ الطَّاهِرِينَ يَا ٲحْسَنَ الْخالِقِينَ يَا ٲسْرَعَ الْحاسِبِينَ
زیادہ عادل اے سچوں میں زیادہ سچے اے پاکوں میں پاک تر اے خالقوں میں بہترین خالق اے حساب کرنے والوں میں زیادہ تیز
يَا ٲسْمَعَ السَّامِعِينَ، يَا ٲبْصَرَ النَّاظِرِينَ، يَا ٲشْفَعَ الشَّافِعِينَ، يَا ٲكْرَمَ الْأَكْرَمِينَ ۔ ﴿28﴾
اے سننےوالوں میں زیادہ سننےوالےاےدیکھنے والوں میں زیادہ دیکھنے والےاےشفاعت کرنے والوں میں بڑے شفیع اے بزرگی والوں میں بڑے بزرگ۔
يَا عِمادَ مَنْ لاَ عِمادَ لَهُ، يَا سَنَدَ مَنْ لاَ سَنَدَ لَهُ، يَا ذُخْرَ مَنْ لاَ ذُخْرَ لَهُ، يَا حِرْزَ مَنْ
اے اسکا آسراجسکا کوئی آسرا نہیں اے اسکے سہارے جسکا کوئی سہارا نہیں اے اسکے سرمایہ جسکا کوئی سرمایہ نہیں اے اسکی پناہ جسکی کوئی
لاَ حِرْزَ لَهُ، يَا غِياثَ مَنْ لاَ غِياثَ لَهُ، يَا فَخْرَ مَنْ لاَ فَخْرَ لَهُ، يَا عِزَّ مَنْ لاَ عِزَّ لَهُ، يَا مُعِينَ
پناہ نہیں اےاسکے فریاد رس جسکا کوئی فریاد رس نہیں اےاسکی بڑائی جسکا کوئی فخرنہیںاےاسکی عزت جس کیلئے عزت نہیں اےاسکے مددگار
مَنْ لاَ مُعِينَ لَهُ يَا ٲنِيسَ مَنْ لاَ ٲنِيسَ لَهُ يَا ٲمانَ مَنْ لاَ ٲمانَ لَهُ ﴿29﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى ٲسْٲَلُكَ
جسکا کوئی مددگار نہیںاے اسکے ساتھی جسکا کوئی ساتھی نہیں اے اسکی پناہ جسکی کوئی پناہ نہیں ۔ اے معبود میں تجھ سے تیرے نام کے
بِاسْمِكَ يَا عَاصِمُ، يَا قائِمُ، يَا دائِمُ، يَا راحِمُ، يَا سالِمُ، يَا حاكِمُ، يَا عالِمُ، يَا قاسِمُ، يَا
واسطے سے سوال کرتاہوںاے پناہ دینےوالے اے پائیدار اے ہمیشگی والےاےرحم کرنے والے اے بے عیب اے حکومت کے مالک اے علم والے اے تقسیم کرنے والےاے
قابِضُ، يَا باسِطُ ۔ ﴿30﴾ يَا عاصِمَ مَنِ اسْتَعْصَمَهُ، يَا راحِمَ مَنِ اسْتَرْحَمَهُ، يَا غافِرَ مَنِ
بند کرنے والے اے کھولنے والے۔ اے اسکے نگہدار جو نگہداری چاہے اے اس پر رحم کرنے والے جو رحم کا طالب ہو اے اسکے بخشنے والے
اسْتَغْفَرَهُ، يَا ناصِرَ مَنِ اسْتَنْصَرَهُ، يَا حافِظَ مَنِ اسْتَحْفَظَهُ، يَا مُكْرِمَ مَنِ اسْتَكْرَمَهُ،
جو طالب ِبخشش ہو اے اسکی نصرت کرنے والے جو نصرت چاہے اے اسکی حفاظت کرنے والے جو حفاظت چاہے اے اسکو بڑائی دینے والے جو بڑائی طلب کرے
يَا مُرْشِدَ مَنِ اسْتَرْشَدَهُ يَا صَرِيخَ مَنِ اسْتَصْرَخَهُ يَا مُعِينَ مَنِ اسْتَعانَهُ يَا مُغِيثَ مَنِ اسْتَغاثَهُ ﴿31﴾
اے اسکی رہنمائی کرنے والے جو رہنمائی چاہے اے اسکے داد رس جو دادرسی چاہے اے اسکے مددگار جو مددطلب کرے اے اسکے فریاد رس جو فریادکرے۔

يَا عَزِيزاً لاَ يُضامُ، يَا لَطِيفاً لاَ يُرامُ، يَا قَيُّوماً لاَ يَنامُ، يَا دائِماً لاَ يَفُوتُ، يَا حَيّاً لاَ يَمُوتُ،

اے وہ غالب جو ظلم نہیں کرتا اے وہ باریک جو نظر انداز نہیں ہوتا اے وہ نگہبان جو سوتا نہیں اے وہ جاوداں جو مرتا نہیں اے وہ زندہ جسے موت نہیں

يَا مَلِكاً لاَ يَزُولُ يَا باقِياً لاَ يَفْنی يَا عالِماً لاَ يَجْهَلُ يَا صَمَداً لاَ يُطْعَمُ يَا قَوِيّاً لاَ يَضْعُفُ﴿32﴾

اے وہ بادشاہ جسے زوال نہیں اے وہ باقی جو فانی نہیں اے وہ عالم جس میں جہل نہیں اے وہ بے نیاز جو کھاتا نہیں اے وہ قوی جسے ضعف نہیں۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّی  َسْ َ لُکَ بِاسْمِکَ يَا  َحَدُ، يَا واحِدُ، يَا شاهِدُ، يَا ماجِدُ، يَا حامِدُ، يَا راشِدُ،

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے یکتا اے یگانہ اے حاضر اے بزرگوار اے تعریف والے اے رہنما

يَا باعِثُ يَا وارِثُ يَا ضارُّ يَا نافِعُ ﴿33﴾ يَا  َعْظَمَ مِنْ کُلِّ عَظِيمٍ يَا  َکْرَمَ مِنْ کُلِّ کَرِيمٍ

اے اٹھانے والے اے وارث اے خسارہ دینے والے اے نفع دینے والے۔ اے سب بڑوں سے بڑے اے سب بزرگوں سے بزرگ تر

يَا  َرْحَمَ مِنْ کُلِّ رَحِيمٍ يَا  َعْلَمَ مِنْ کُلِّ عَلِيمٍ يَا  َحْکَمَ مِنْ کُلِّ حَکِيمٍ يَا  َقْدَمَ مِنْ کُلِّ قَدِيمٍ

اے سب مہربانوں سے مہربان اے ہر عالم سے بڑے عالم اے ہر حکیم سے بڑے حکیم اے ہر قدیم سے قدیم تر

يَا  َکْبَرَ مِنْ کُلِّ کَبِيرٍ يَا  َلْطَفَ مِنْ کُلِّ لَطِيفٍ يَا  َجَلَّ مِن کُلِّ جَلِيلٍ يَا  َعَزَّ مِنْ کُلِّ عَزِيزٍ﴿34﴾

اے ہر بزرگ سے بزرگ تر اے ہر لطیف سے زیادہ لطیف اے ہر جلال والے سے زیادہ جلال والے اے ہرزبردست سے زیادہ زبردست۔

يَا کَرِيمَ الصَّفْحِ يَا عَظِيمَ الْمَنِّ يَا کَثِيرَ الْخَيْرِ، يَا قَدِيمَ الْفَضْلِ، يَا دائِمَ اللُّطْفِ، يَا لَطِيفَ

اے بہتر درگزر کرنے والے اے بڑے احسان والے اے زیادہ خیروالے اے قدیم فضل والے اے ہمیشہ کے لطف والے اے خوبصورت

الصُّنْعِ يَا مُنَفِّسَ الْکَرْبِ يَا کاشِفَ الضُّرِّ، يَا مالِکَ الْمُلْکِ، يَا قاضِیَ الْحَقِّ ۔ ﴿35﴾

صنعت والے اے سختی دور کرنے والے اے دکھ دور کرنے والے اے ہر ملک کے مالک اے حق کا فیصلہ دینے والے۔

يَا مَنْ هُوَ فِی عَهْدِهِ وَفِیٌّ، يَا مَنْ هُوَ فِی وَفائِهِ قَوِیٌّ، يَا مَنْ هُوَ فِی قُوَّتِهِ عَلِیٌّ ، يَا مَنْ هُوَ فِی

اے وہ جو اپنے عہد کو پورا کرنے والا ہے اے وہ جو اپنی وفا میں قوی ہے اے وہ جو اپنی قوت میں بلند ہے اے وہ جو اپنی بلندی

عُلُوِّهِ قَرِيبٌ يَا مَنْ هُوَ فِی قُرْبِهِ لَطِيفٌ يَا مَنْ هُوَ فِی لُطْفِهِ شَرِيفٌ يَا مَنْ هُوَ فِی شَرَفِهِ عَزِيزٌ

میں قریب ہے اے وہ جو اپنے قرب میں مہربان ہے اے وہ جو اپنے لطف میں کریم ہے اے وہ جو اپنی کرم میں عزت دار ہے

يَا مَنْ هُوَ فِی عِزِّهِ عَظِيمٌ يَا مَنْ هُوَ فِی عَظَمَتِهِ مَجِيدٌ يَا مَنْ هُوَ فِی مَجْدِهِ حَمِيدٌ ﴿36﴾

اے وہ جو اپنی عزت میں عظیم ہے اے وہ جو اپنی عظمت میں بلند مرتبہ ہے اے وہ جو اپنے مرتبے میں تعریف والا ہے

اَللّٰهُمَّ إِنِّی  َسْ َ لُکَ بِاسْمِکَ يَا کافِی، يَا شافِی، يَا وافِی، يَا مُعافِی، يَا

اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے کفایت کرنے والے اے شفادینے والے اے وفادارا‌ے عافیت دینے والے اے

هادِی، یَا داعِی، یَا قاضِی، یَا راضِی، یَا عالِی، یَا باقِی ﴿37﴾ یَا مَنْ
ہدایت دینے والے اے بلانے والے اے فیصلے کرنے والے اے خوشنودی والے اے بلندی والے اے باقی رہنے والے۔ اے
کُلُّ شَیْئٍ خاضِعٌ لَہُ یَا مَنْ کُلُّ شَیْئٍ خاشِعٌ لَہُ، یَا مَنْ کُلُّ شَیْئٍ کائِنٌ لَہُ، یَا مَنْ کُلُّ شَیْئٍ
وہ جسکے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے اے وہ جسکے آگے ہر چیز خوف زدہ ہے اے وہ جس سے ہر چیز کو وجود ملا ہے اے وہ جسکے
مَوْجُودٌ بِہِ یَا مَنْ کُلُّ شَیْئٍ مُنِیبٌ إلَیْہِ یَا مَنْ کُلُّ شَیْئٍ خائِفٌ مِنْہُ یَا مَنْ کُلُّ شَیْئٍ قائِمٌ بِہِ
ذریعے ہر چیز موجود ہوئی ہے اے وہ جسکی طرف ہر چیز کی بازگشت ہے اے وہ جس سے ہرچیز ڈرتی ہے اے وہ جسکے ذریعے ہر چیز باقی ہے
یَا مَنْ کُلُّ شَیْئٍ صائِرٌ إلَیْہِ یَا مَنْ کُلُّ شَیْئٍ یُسَبِّحُ بِحَمْدِھِ یَا مَنْ کُلُّ شَیْئٍ ہالِکٌ إلاَّ وَجْھَہُ﴿38﴾
اے وہ جسکی طرف ہر چیز لوٹتی ہے اے وہ کہ ہر چیز جسکی حمد میں مصروف ہے اے وہ کہ جسکے جلوے کے سوا ہر چیز ناپید ہو جائے گی۔
یَا مَنْ لاَ مَفَرَّ إلاَّ إلَیْہِ یَا مَنْ لاَ مَفْزَعَ إلاَّ إلَیْہِ یَا مَنْ لاَ مَقْصَدَ إلاَّ إلَیْہِ یَا مَنْ لاَ مَنْجَیً مِنْہُ إلاَّ إلَیْہِ،
اے وہ جسکے سوا کوئی جائے فرار نہیں ہے اے وہ جسکے سوا کوئی جائے پناہ نہیں اے وہ جسکے سوا کوئی منزلِ مقصود نہیںاے وہ جسکے علاوہ کوئی جائے نجات نہیں یَا مَنْ لاَ یُرْغَبُ إلاَّ إلَیْہِ، یَا مَنْ لاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّۃَ إلاَّ بِہِ، یَا مَنْ لاَ یُسْتَعانُ إلاَّ بِہِ، یَا مَنْ لاَ
اے وہ جسکے بغیر کسی شئی میںرغبت نہیں ہو سکتی اے وہ کہ نہیں ہے طاقت و قوت مگر اسی سے اے وہ جسکے سوا کہیں سے مدد نہیں مل سکتی اے وہ جسکے سوا
یُتَوَکَّلُ إلاَّ عَلَیْہِ یَا مَنْ لاَ یُرْجی إلاَّ ھُوَ یَا مَنْ لاَ یُعْبَدُ إلاَّ ھُوَ ﴿39﴾ یَا خَیْرَ الْمَرْھُوبِینَ
کسی پر بھروسہ نہیں ہو سکتا اے وہ جسکے سوا کسی سے امید نہیں ہوسکتی اے وہ جسکے سوا کسی کی عبادت نہیں ہو سکتی۔ اے بہترین ذات جس سے ڈرا جائے یَا خَیْرَ الْمَرْغُوبِینَ، یَا خَیْرَ الْمَطْلُوبِینَ، یَا خَیْرَ الْمَسْؤُولِینَ، یَا خَیْرَ الْمَقْصُودِینَ یَا خَیْرَ
اے بہترین لبھانے والے اے بہترین طلب کیے جانے والے اے بہترین سوال کیے جانے والے اے بہترین قصد کیے جانے والے اے بہترین
الْمَذْکُورِینَ یَا خَیْرَ الْمَشْکُورِینَ یَا خَیْرَ الْمَحْبُوبِینَ یَا خَیْرَ الْمَدْعُوِّینَ یَا خَیْرَ الْمُسْتَ ْنِسِینَ﴿40﴾
ذکر کیے جانے والے اے بہترین شکرکیے جانے والے اے بہترین محبت کیے جانے والے اے بہترین پکارے جانے والے اے بہترین مانوس کیے جانے والے۔
اَللّٰھُمَّ إنِّی  َسْ َلُکَ بِاسْمِکَ یَا غافِرُ یَا ساتِرُ یَا قادِرُ یَا قاھِرُ یَا فاطِرُ
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام سے اے معاف کرنے والے اے چھپانے والے اے قدرت والے اے غلبے والے اے پیدا کرنیوالے
یَا کاسِرُ یَا جابِرُ یَا ذاکِرُ، یَا ناظِرُ، یَا ناصِرُ ﴿41﴾ یَا مَنْ خَلَقَ فَسَوَّی،
اے توڑنے والے اے جوڑنے والے اے ذکر کرنیوالے اے دیکھنے والے اے مدد کرنے والے۔ اے وہ جس نے پیدا کیا پھر درست کیا
یَا مَنْ قَدَّرَ فَھَدی، یَا مَنْ یَکْشِفُ الْبَلْوی ، یَا مَنْ یَسْمَعُ النَّجْوی، یَا مَنْ یُنْقِذُ الْغَرْقی،
اے وہ جس نے تقدیر بنائی پھرہدایت دی اے وہ جو بلائیں دور کرتا ہے اے وہ جو سرگوشیاں سنتا ہے اے وہ جو

ڈوبنے والوں کو بچاتا ہے

يَا مَنْ يُنْجِی الْهَلْكی يَا مَنْ يَشْفِی الْمَرْضی يَا مَنْ ـَضْحَکَ وَ ـَبْکی، يَا مَنْ ـَماتَ وَ ـَحْيی

اے وہ جو ہلاکتوں سے نجات دیتا ہے اے وہ جو مریضوں کو شفا دیتا ہے اے وہ جو ہنساتا اور رلاتا ہے اے وہ جو مارتا ہے اور زندہ کرتا ہے

يَا مَنْ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْأُنْثیٰ ﴿42﴾ يَا مَنْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ سَبِيلُهُ يَا مَنْ فِی

اے وہ جس نے نر اور مادہ جوڑے بنائے اے وہ جس نے خاک و آب میں راستے بنائے اے وہ جس نے فضا میں

الْآفاقِ آياتُهُ يَا مَنْ فِی الأَياتِ بُرْہانُهُ، يَا مَنْ فِی الْمَماتِ قُدْرَتُهُ، يَا مَنْ فِی الْقُبُورِ عِبْرَتُهُ،

اپنی نشانیاں بنائیں اے وہ جسکی نشانیوں میں قوی دلیل ہے اے وہ کہ موت میں جسکی قدرت ظاہرہے اے وہ جس نے قبروں میں عبرت رکھی ہے

يَا مَنْ فِی الْقِيامَةِ مُلْكُهُ، يَا مَنْ فِی الْحِسابِ هَيْبَتُهُ، يَا مَنْ فِی الْمِيزانِ قَضاؤُهُ، يَا مَنْ فِی

اے وہ کہ قیامت میں جسکی بادشاہت ہے اے وہ کہ حساب میں جسکی ہیبت ہے اے وہ کہ میزان عمل میں جسکی منصفی ہے اے وہ کہ جس کیطرف سے

الْجَنَّةِ ثَوابُهُ يَا مَنْ فِی النَّارِ عِقابُهُ ﴿43﴾ يَا مَنْ إِلَيْهِ يَهْرَبُ الْخائِفُونَ، يَا مَنْ إِلَيْهِ يَفْزَعُ

ثوابِ جنت ہے اے وہ کہ جسکا عذاب دوزخ ہے۔ اے وہ کہ خوف زدہ جسکی طرف بھاگتے ہیں اے وہ کہ گنہگار جسکی

الْمُذْنِبُونَ يَا مَنْ إِلَيْهِ يَقْصِدُ الْمُنِيبُونَ يَا مَنْ إِلَيْهِ يَرْغَبُ الزَّاهِدُونَ يَا مَنْ إِلَيْهِ يَلْجَ ُ الْمُتَحَيِّرُونَ

پناہ لیتے ہیں اے وہ کہ توبہ کرنے والے جسکا قصد کرتے ہیں اے وہ کہ جسکی طرف پرہیز گار رغبت کرتے ہیں اے وہ کہ پریشان لوگ جسکی پناہ چاہتے ہیں

يَا مَنْ بِهِ يَسْتَ ْنِسُ الْمُرِيدُونَ يَا مَنْ بِهِ يَفْتَخِرُ الْمُحِبُّونَ يَا مَنْ فِی عَفْوِهِ يَطْمَعُ الْخاطِئُونَ

اے وہ کہ ارادہ کرنے والے جس سے مانوس ہیں اے وہ کہ جس پر محبت کرنے والے فخر کرتے ہیںاے وہ کہ خطاکار جسکے عفو کی خواہش رکھتے ہیں

يَا مَنْ إِلَيْهِ يَسْكُنُ الْمُوقِنُونَ يَا مَنْ عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُونَ ﴿44﴾ اَللّٰھُمَّ إِنِّی ـَسْ ـَلُکَ

اے وہ جسکے ہاں یقین والے سکون پاتے ہیں اے وہ کہ توکل کرنے والے جس پر توکل کرتے ہیں۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِاسْمِکَ يَا حَبِيبُ يَا طَبِيبُ يَا قَرِيبُ يَا رَقِيبُ يَا حَسِيبُ يَا مُهِيبُ يَا مُثِيبُ يَا مُجِيبُ

تیرے نام کے واسطے سے اے محبوب اے چارہ گر اے نزدیک تر اے نگہدار اے حساب رکھنے والے اے ہیبت والے اے ثواب دینے والے اے دعا قبول کرنے والے

يَا خَبِيرُ يَا بَصِيرُ ﴿45﴾ يَا ـَقْرَبَ مِنْ كُلِّ قَرِيبٍ يَا ـَحَبَّ مِنْ كُلِّ حَبِيبٍ يَا ـَبْصَرَ مِنْ

اے با خبر اے بینا۔ اے ہر قریب سے زیادہ قریب اے ہر محب سے زیادہ محبت کرنے والے اے ہر دیکھنے والے

كُلِّ بَصِيرٍ يَا ـَخْبَرَ مِنْ كُلِّ خَبِيرٍ يَا ـَشْرَفَ مِنْ كُلِّ شَرِيفٍ يَا ـَرْفَعَ مِنْ كُلِّ رَفِيعٍ يَا ـَقْوی

سے زیادہ بینا اے ہر باخبر سے زیادہ خبر والے اے ہر بزرگ سے زیادہ بزرگ اے ہر بلند سے زیادہ بلند اے ہر توانا

مِنْ كُلِّ قَوِیٍّ يَا ـَغْنی مِنْ كُلِّ غَنِیٍّ يَا ـَجْوَدَ مِنْ كُلِّ جَوادٍ يَا ـَرْ ـَفَ مِنْ كُلِّ رَؤُوفٍ ﴿46﴾

سے زیادہ توانا اے ہر باثروت سے زیادہ باثروت اے ہر داتا سے زیادہ دینے والے اے ہر مہربان سے زیادہ مہربان۔

يَا غالِباً غَيْرَ مَغْلُوبٍ يَا صانِعاً غَيْرَ مَصْنُوعٍ يَا خالِقاً غَيْرَ مَخْلُوقٍ يَا مالِكاً غَيْرَ مَمْلُوكٍ

اے وہ غالب جس پر کوئی غالب نہیں اے وہ صانع جسے کسی نے نہیں بنایا اے وہ خالق جو خلق نہیں ہوا اے وہ مالک جسکا کوئی مالک نہیں

یَا قاهِراً غَيْرَ مَقْهُورٍ، يَا رافِعاً غَيْرَ مَرْفُوعٍ، يَا حافِظاً غَيْرَ مَحْفُوظٍ، يَا ناصِراً

اے وہ زبردست جو کسی کے زیر نگیں نہیں اے وہ بلند جسے کسی نے بلند نہیں کیا اے وہ نگہبان جسکا کوئی نگہبان نہیں اے وہ مددگار

غَيْرَ مَنْصُورٍ يَا شاهِداً غَيْرَ غائِبٍ يَا قَرِيباً غَيْرَ بَعِيدٍ ﴿47﴾ يَا نُورَ النُّورِ، يَا مُنَوِّرَ النُّورِ،

جسکا کوئی مددگار نہیں اے وہ حاضر جو کہیں بھی غائب نہیں اے وہ قریب جو کبھی دور نہیں ہوا۔ اے نور کی روشنی اے نور روشن کرنے والے

يَا خالِقَ النُّورِ يَا مُدَبِّرَ النُّورِ، يَا مُقَدِّرَ النُّورِ، يَا نُورَ كُلِّ نُورٍ، يَا نُوراً قَبْلَ كُلِّ نُورٍ، يَا نُوراً

اے نور پیدا کرنے والے اے نور کا بندوبست کرنے والے اے نور کی اندازہ گیری کرنے والے اے نور کی روشنی اے ہر نور سے اولین نور

بَعْدَ كُلِّ نُورٍ يَا نُوراً فَوْقَ كُلِّ نُورٍ يَا نُوراً لَيْسَ كَمِثْلِهِ نُورٌ ﴿48﴾ يَا مَنْ عَطاؤُهُ شَرِيفٌ

اے ہر نور کے بعد روشن رہنے والے اے ہرنور سے بالاتر نور اے وہ نور جسکی مثل کوئی نور نہیں۔ اے وہ جسکی عطا بلند تر ہے

يَا مَنْ فِعْلُهُ لَطِيفٌ يَا مَنْ لُطْفُهُ مُقِيمٌ يَا مَنْ إِحْسانُهُ قَدِيمٌ يَا مَنْ قَوْلُهُ حَقٌّ يَا مَنْ وَعْدُهُ صِدْقٌ

اے وہ جسکا فعل باریک تر ہے اے وہ جسکا لطف پائندہ ہے اے وہ جسکا احسان قدیم ہے اے وہ جسکا قول حق ہے اے وہ جسکا وعدہ سچا ہے

يَا مَنْ عَفْوُهُ فَضْلٌ، يَا مَنْ عَذابُهُ عَدْلٌ، يَا مَنْ ذِكْرُهُ حُلْوٌ، يَا مَنْ فَضْلُهُ عَمِيمٌ ۔ ﴿49﴾

اے وہ جسکی عفو میں احسان ہے اے وہ جسکے عذاب میں عدل ہے اے وہ جسکا ذکر شیریں ہے اے وہ جسکا احسان عام ہے۔

اَللّٰهُمَّ إِنِّى ءَسْءَلُکَ بِاسْمِکَ يَا مُسَهِّلُ، يَا مُفَصِّلُ، يَا مُبَدِّلُ، يَا

اے معبودمیں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے ہموار کرنے والے اے جدا کرنے والے اے تبدیل کرنے والے اے

مُذَلِّلُ، يَا مُنَزِّلُ، يَا مُنَوِّلُ، يَا مُفْضِلُ، يَا مُجْزِلُ، يَا مُمْهِلُ، يَا مُجْمِلُ ۔ ﴿50﴾

پست کرنیوالے اے اتارنے والے اے عطا کرنے والے اے نعمت دینے والے اے احسان کرنیوالے اے مہلت دینے والے اے نیکوکار۔

يَا مَنْ يَرى وَلاَ يُرى، يَا مَنْ يَخْلُقُ وَلاَ يُخْلَقُ، يَا مَنْ يَهْدِى وَلاَ يُهْدى، يَا مَنْ يُحْيِى

اے وہ جو دیکھتا ہے خود نظر نہیں آتا اے وہ جو خلق کرتا ہے اور خلق نہیں ہوا اے وہ جو ہدایت دیتا ہے اور ہدایت طلب نہیں کرتا اے وہ جو زندہ کرتا ہے

وَلاَ يُحْيى، يَا مَنْ يَسْءَلُ وَلاَ يُسْءَلُ، يَا مَنْ يُطْعِمُ وَلاَ يُطْعَمُ، يَا مَنْ يُجِيرُ وَلاَ يُجارُ عَلَيْهِ، يَا

اور زندہ نہیں کیا گیا اے وہ جومسئول ہے اور سائل نہیں اے وہ جو کھلاتا ہے اور کھاتا نہیں اے وہ جو پناہ دیتا ہے اور محتاجِ پناہ نہیں ہے

مَنْ يَقْضِى وَلاَ يُقْضى عَلَيْهِ، يَا مَنْ يَحْكُمُ وَلاَ يُحْكَمُ عَلَيْهِ، يَا مَنْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ

اے وہ جو فیصلے کرتا ہے اور طالبِ فیصلہ نہیں ہے اے وہ جو حکم دیتا ہے اور اس پر کسی کا حکم نہیں اے

وہ جسکا کوئی بیٹا نہیں نہ وہ کسی کا بیٹا ہے

وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُواً  َحَدٌ۔﴿51﴾ يَا نِعْمَ الْحَسِيبُ، يَا نِعْمَ الطَّبِيبُ، يَا نِعْمَ الرَّقِيبُ، يَا نِعْمَ

اور نہ کوئی اسکا ہمسر ہے۔ اے بہترین حساب کرنے والے اے بہترین چارہ گر اے بہترین نگہبان اے بہترین

الْقَرِيبُ يَا نِعْمَ الْمُجِيبُ، يَا نِعْمَ الْحَبِيبُ، يَا نِعْمَ الْكَفِيلُ، يَا نِعْمَ الْوَكِيلُ، يَا نِعْمَ الْمَوْلىٰ،

قریب اے بہترین دعا قبول کرنے والے اے وہ جو بہترین محبوب ہے اے وہ جو بہترین سرپرست ہے اے وہ جو بہترین کارساز ہے اے بہترین آقا

يَا نِعْمَ النَّصِيرُ۔ ﴿52﴾ يَا سُرُورَ الْعارِفِينَ يَا مُنَى الْمُحِبِّينَ يَا  َنِيسَ الْمُرِيدِينَ، يَا حَبِيبَ

اے بہترین یاور۔ اے عارفوں کی شادمانی اے حب داروں کی تمنا اے ارادت مندوںکے ہمدم اے توبہ کرنے

التَّوَّابِينَ، يَا رازِقَ الْمُقِلِّينَ، يَا رَجاءَ الْمُذْنِبِينَ، يَا قُرَّ ةَ عَيْنِ الْعابِدِينَ

والوں کے محبوب اے بے مایہ لوگوں کے رازق اے گناہگاروں کی آس اے عبادت کرنے والوں کی آنکھوں کی ڈھنڈک

، يَا مُنَفِّساً عَنِ الْمَكْرُوبِينَ، يَا مُفَرِّجاً عَنِ الْمَغْمُومِينَ، يَا إِلـٰهَ الْاَوَّلِينَ

اے دکھیاروں کے دکھ دور کرنے والے اے غمزدوں کا غم مٹانے والے اے اولین

وَالأَخِرِينَ ۔ ﴿53﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى  َسْ َ لُکَ بِاسْمِکَ يَا رَبَّنا، يَا إِلهَنا، يَا

و آخرین کے معبود۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہی نام کے واسطے سے اے ہمارے رب اے ہمارے معبود اے

سَيِّدَنا، يَا مَوْلانا، يَا ناصِرَنا، يَا حافِظَنا، يَا دَلِيلَنا، يَا مُعِينَنا، يَا

ہمارے سردار اے ہمارے آقا اے ہمارے یاور اے ہمارے محافظ اے ہمارے رہنما اے ہمارے مددگار اے

حَبِيبَنا، يَا طَبِيبَنا ۔ ﴿54﴾ يَا رَبَّ النَّبِيِّينَ وَ الْاَبْرارِ، يَا رَبَّ الصِّدِّيقِينَ

ہمارے محبوب اے ہمارے چارہ گر۔ اے انبیائ و صالحین کے پروردگار اے صدیقوں اور

وَالْاَخْيارِ، يَا رَبَّ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، يَا رَبَّ الصِّغارِ وَالْكِبارِ، يَا رَبَّ

نیک لوگوں کے پروردگار اے جنت و دوزخ کے مالک اے چھوٹے بڑے کے رب اے دانہ و ثمر

الْحُبُوبِ وَالثِّمارِ، يَا رَبَّ الْاَ نْهارِ وَالْاَشْجارِ، يَا رَبَّ الصَّحارِى

کے پروان چڑھانے والے اے دریائوں اور درختوں کے مالک اے صحرائوں اور

وَالْقِفارِ، يَا رَبَّ الْبَرارِى وَالْبِحارِ، يَا رَبَّ اللَّيْلِ وَالنَّهارِ، يَا رَبَّ

بستیوں کے مالک اے صحراؤں اور سمندروں کے مالک اے دن اور رات کے مالک اے کھلی

الْإِعْلانِ وَالْإِسْرارِ ۔ ﴿55﴾ يَا مَنْ نَفَذَ فِى كُلِّ شَيْئٍ  َمْرُهُ، يَا مَنْ لَحِقَ

اور چھپی باتوں کے مالک۔ اے وہ جسکا حکم ہر چیز پر نافذ ہے اے وہ جسکا علم

بِكُلِّ شَيْئٍ عِلْمُهُ، يَا مَنْ بَلَغَتْ إِلى كُلِّ شَيْئٍ قُدْرَتُهُ، يَا مَنْ

ہر چیز پر حاوی ہے اے وہ جسکی قدرت ہر چیز تک پہنچی ہوئی ہے اے وہ جسکی

لاَيُحْصِى الْعِبادُ نِعَمَهُ، يَا مَنْ لاَ تَبْلُغُ الْخَلائِقُ شُكْرَهُ، يَا مَنْ لاَتُدْرِکُ

نعمتوں کوبندے گن نہیں سکتے اے وہ کہ مخلوقات جسکاشکریہ ادا نہیں کر سکتیں اے وہ کہ جسکی جلالت سمجھ میں نہیں

الْاَفْهامُ جَلالَهُ، يَا مَنْ لاَ تَنالُ الْاَوْهامُ كُنْهَهُ، يَا مَنِ الْعَظَمَةُ

آسکتی اے وہ کہ جسکی حقیقت کو وہم پا نہیں سکتے اے وہ کہ بزرگی اور بڑائی

وَالْکِبْرِیَائُ رِداؤُہُ، یَا مَنْ لاَ یَرُدُّ الْعِبادُ قَضائَہُ، یَا مَنْ لاَ مُلْکَ إلاَّ

جسکا لباس ہے اے وہ جسکی قضا کو بندے ٹال نہیں سکتے اے وہ جسکے سوا کسی کی

مُلْکُہُ، یَا مَنْ لاَ عَطائَ إلاَّ عَطاؤُہُ ۔ ﴿56﴾ یَا مَنْ لَہُ الْمَثَلُ الْاَعْلی، یَا

حکومت نہیں اے وہ جسکی عطا کے سوا کوئی عطا نہیں۔ اے وہ جسکے لئے اعلٰی نمونہ ہے اے

مَنْ لَہُ الصِّفاتُ الْعُلْیا، یَا مَنْ لَہُ الأَخِرۃُ وَالأُْولی، یَا مَنْ لَہُ جَنَّۃُ

وہ جسکے لیے بلند صفات ہیں اے وہ دنیا و آخرت جسکی ملکیت ہیں اے وہ جو جنت الماویٰ کا

الْمَ ْوی، یَا مَنْ لَہُ الأَیاتُ الْکُبْری، یَا مَنْ لَہُ الْاَسْمائُ الْحُسْنی، یَا

مالک ہے اے وہ جسکی نشانیاں عظیم ہیں اے وہ جسکے نام پسندیدہ ہیں اے

مَنْ لَہُ الْحُکْمُ وَالْقَضائُ، یَا مَنْ لَہُ الْھَوائُ وَالْفَضائُ، یَا مَنْ لَہُ الْعَرْشُ

وہ جو حکم و فیصلے کا مالک ہے اے وہ کہ ہوا و فضا جسکی ملک ہیں اے وہ جو عرش و

وَالثَّری، یَا مَنْ لَہُ السَّمَاوَاتُ الْعُلی ۔ ﴿57﴾ اَللّٰھُمَّ إنِّی  َسْ َ لُکَ

فرش کا مالک ہے اے وہ جو بلند آسمانوں کا مالک ہے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِاسْمِکَ یَا عَفُوُّ، یَا غَفُورُ، یَا صَبُورُ، یَا شَکُورُ، یَا رَؤُوفُ، یَا

تیرے نام کے واسطے سے اے معافی دینے والے اے بخشنے والے اے بہت صبر والے اے بہت شکر والے اے مہربان اے

عَطُوفُ، یَا مَسْؤُولُ، یَا وَدُودُ، یَا سُبُّوحُ، یَا قُدُّوسُ ۔ ﴿58﴾ یَا مَنْ فِی

نرم خو اے مسئول اے محبت والے اے پاک تر اے پاکیزہ۔ اے وہ کہ آسمان

السَّمائِ عَظَمَتُہُ، یَا مَنْ فِی الْاَرْضِ آیاتُہُ، یَا مَنْ فِی کُلِّ شَیْئٍ

میں جسکی بڑائی ہے اے وہ کہ زمین میں جسکی نشانیاں ہیں اے وہ ہر چیز میں جس

دَلائِلُہُ، یَا مَنْ فِی الْبِحارِ عَجائِبُہُ، یَا مَنْ فِی الْجِبالِ خَزائِنُہُ، یَا مَنْ

کی دلیلیں ہیں اے وہ کہ سمندروں میں جسکی انوکھی چیزیں ہیں اے وہ پہاڑوں میں جسکے خزانے ہیں اے وہ جس نے

یَبْدَ ُ الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیدُہُ، یَا مَنْ إلَیْہِ یَرْجِعُ الْاَمْرُ کُلُّہُ، یَا مَنْ  َظْھَرَ فِی

خلق کو ظاہر کیا پھر جاری رکھا اے وہ جسکی طرف ہر امر کی بازگشت ہے اے وہ جسکا لطف

کُلِّ شَیْئٍ لُطْفَہُ، یَا مَنْ  َحْسَنَ کُلَّ شَیْئٍ خَلْقَہُ، یَا مَنْ تَصَرَّفُ فِی

ہر چیز میں عیاں ہے اے وہ جس نے ہرچیز کو خوبی سے خلق کیا اے وہ جسکی قدرت مخلوقات میں

الْخَلائِقِ قُدْرَتُہُ ۔ ﴿59﴾ یَا حَبِیبَ مَنْ لاَ حَبِیبَ لَہُ، یَا طَبِیبَ مَنْ لاَ

اثراندازی کر رہی ہے۔ اے اسکے ساتھی جسکا کوئی ساتھی نہیں اے اسکے چارہ گر جسکا کوئی

طَبِیبَ لَہُ، یَا مُجِیبَ مَنْ لاَ مُجِیبَ لَہُ، یَا شَفِیقَ مَنْ لاَ شَفِیقَ لَہُ، یَا

چارہ گر نہیں اے اسکی دعا قبول کرنے والے جسکی کوئی قبول کرنے والا نہیں اے اسکے مہربان جس پرکوئی مہربان نہیں اے

رَفِیقَ مَنْ لاَ رَفِیقَ لَہُ، یَا مُغِیثَ مَنْ لاَ مُغِیثَ لَہُ، یَا دَلِیلَ مَنْ لاَ دَلِیلَ

اسکے ہمراہی جس کا کوئی ہمراہی نہیں اے اسکے فریاد رس جسکا کوئی فریاد رس نہیں اے اسکے رہنما جسکا کوئی رہنمانہیں

لَہُ، یَا  َنِیسَ مَنْ لاَ  َنِیسَ لَہُ، یَا راحِمَ مَنْ لاَ راحِمَ لَہُ، یَا صاحِبَ مَنْ
اے اسکے ہمدم جسکا کوئی ہمدم نہیں اے اس پر رحم کرنے والے جس پر رحم کرنے والا کوئی نہیں اے اسکے ساتھی جسکا
لاَ صاحِبَ لَہُ ۔ ﴿60﴾ یَا کافِیَ مَنِ اسْتَکْفاہُ، یَا ہادِیَ مَنِ اسْتَہْداہُ، یَا
کوئی ساتھی نہیں۔ اے طالبِ کفایت کی کفایت کرنے والے اے ہدایت طلب کی ہدایت کرنے والے اے
کالِیَ مَنِ اسْتَکْلاہُ، یَا راعِیَ مَنِ اسْتَرْعاہُ، یَا شافِیَ مَنِ اسْتَشْفاہُ،
نگہبانی چاہنے والے کے نگہبان اے حفاظت چاہنے والے کی حفاظت کرنے والے اے شفا مانگنے والے کو شفادینے والے
یَا قاضِیَ مَنِ اسْتَقْضاہُ، یَا مُغْنِیَ مَنِ اسْتَغْناہُ، یَا مُوفِیَ مَنِ اسْتَوْفاہُ
اے فیصلہ چاہنے والے کا فیصلہ کرنے والے اے ثروت خواہ کو ثروت دینے والے اے وفا طلب سے وفا کرنے والے اے قوت
، یَا مُقَوِّیَ مَنِ اسْتَقْواہُ، یَا وَ لِیَّ مَنِ اسْتَوْلاہُ ۔ ﴿61﴾ اَللّٰھُمَّ إنِّی
کے طالب کو قوت عطا کرنے والے اے طالب سرپرستی کی سرپرستی کرنے والے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے ہی
 َسْ َلُکَ بِاسْمِکَ یَا خالِقُ، یَا رازِقُ، یَا ناطِقُ، یَا صادِقُ، یَا فالِقُ، یَا
نام کے واسطے سے اے خلق کرنے والے اے رزق دینے والے اے بولنے والے اے صدق والے اے شگافتہ کرنے والے اے
فارِقُ، یَا فاتِقُ، یَا راتِقُ، یَا سابِقُ، یَا سامِقُ ۔ ﴿62﴾ یَا مَنْ یُقَلِّبُ
جداکرنے والے اے توڑنے والے اے جوڑنے والے اے سب سے پہلے اے بلندی والے ۔ اے رات اور دن کو پلٹانے
اللَّیْلَ وَالنَّھارَ، یَا مَنْ جَعَلَ الظُّلُماتِ وَالْاَ نْوارَ، یَا مَنْ خَلَقَ الظِّلَّ
والے اے روشنیوں اور تاریکیوں کے پیدا کرنے والے اے وہ جس نے سایہ
وَالْحَرُورَ، یَا مَنْ سَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ، یَا مَنْ قَدَّرَ الْخَیْرَ وَالشَّرَّ، یَا
اور دھوپ کو پیدا کیا اے وہ جس نے سورج اور چاند کو پابند کیا اے وہ جس نے نیکی و بدی کا اندازہ ٹھہرایا اے
مَنْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَیاۃَ، یَا مَنْ لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ، یَا مَنْ لَمْ یَتَّخِذْ
وہ جس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا اے وہ جسکے ہاتھ میں خلق و امر ہے اے وہ جسکی نہ کوئی
صاحِبَۃً وَلاَ وَلَداً، یَا مَنْ لَیْسَ لَہُ شَرِیکٌ فِی الْمُلْکِ، یَا مَنْ لَمْ یَکُنْ
زوجہ اور نہ فرزند ہے اے وہ جسکی حکومت میں کوئی شریک نہیںاے وہ جوعاجز نہیں کہ اسکا
لَہُ وَ لِیٌّ مِنَ الذُّلِّ ۔ ﴿63﴾ یَا مَنْ یَعْلَمُ مُرادَ الْمُرِیدِینَ، یَا مَنْ یَعْلَمُ
کوئی مددگار ہو۔ اے وہ جو ارادہ کرنے والوں کی مراد کو جانتا ہے اے وہ جو خاموش
ضَمِیرَ الصَّامِتِینَ، یَا مَنْ یَسْمَعُ  َنِینَ الْواھِنِینَ، یَا مَنْ یَری بُکاءَ
لوگوں کے دل کی باتیں جانتا ہے اے وہ جوکمزوروں کی زاری کو سنتا ہے اے وہ جو ڈرنے والے لوگوں
الْخائِفِینَ، یَا مَنْ یَمْلِکُ حَوائِجَ السَّائِلِینَ، یَا مَنْ یَقْبَلُ عُذْرَ
کا رونا دیکھ لیتا ہے اے وہ جو سائلین کی حاجتوں کا مالک ہے اے وہ جو توبہ کرنے والوں کا عذر
التَّائِبِینَ، یَا مَنْ لاَ یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِینَ، یَا مَنْ لاَ یُضِیعُ  َجْرَ
قبول کرتا ہے اے وہ جو فسادیوں کے عمل کو اچھا نہیں سمجھتا اے وہ جو نیکوکاروں کے اجر کو

الْمُحْسِنِينَ، يَا مَنْ لاَ يَبْعُدُ عَنْ قُلُوبِ الْعارِفِينَ، يَا  َجْوَدَ الْاَجْوَدِينَ ۔ ﴿64﴾
ضائع نہیں کرتا اے وہ جو عارفوں کے دلوں سے دور نہیں رہتا اے سب داتائوں سے بڑے داتا
يَا دائِمَ الْبَقاءِ، يَا سامِعَ الدُّعاءِ، يَا واسِعَ الْعَطاءِ، يَا غافِرَ
اے ہمیشہ باقی رہنے والے اے دعا کے سننے والے اے بہت زیادہ عطا کرنے والے اے خطا کے
الْخَطاءِ، يَا بَدِيعَ السَّماءِ، يَا حَسَنَ الْبَلاءِ، يَا جَمِيلَ الثَّناءِ، يَا قَدِيمَ
بخشنے والے اے آسمان کے بنانے والے اے بہترین آزمائش کرنے والے اے بھلی تعریف والے اے قدیمی
السَّناءِ، يَا كَثِيرَ الْوَفاءِ، يَا شَرِيفَ الْجَزاءِ ۔ ﴿65﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى  َسْ َ لُکَ
بلندی والے اے بہت وفاداری کرنے والے اے بہترین جزادینے والے اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
بِاسْمِکَ يَا سَتَّارُ، يَا غَفَّارُ، يَا قَهّارُ، يَا جَبَّارُ، يَا صَبَّارُ، يَا بارُّ، يَا
تیرے نام کے واسطے سے اے پردہ پوش اے بخشنے والے غلبہ والے اے زور والے اے بہت صبروالے اے نیکی والے اے
مُخْتارُ، يَا فَتَّاحُ، يَا نَفَّاحُ، يَا مُرْتاحُ ۔ ﴿66﴾ يَا مَنْ خَلَقَنِى وَسَوَّانِى، يَا
اختیار والے اے کھولنے والے اے نفع دینے والے اے شاداں۔ اے وہ جس نے مجھے پیدا کیا اور سنوارا اے
مَنْ رَزَقَنِى وَرَبَّانِى، يَا مَنْ  َطْعَمَنِى وَسَقانِى، يَا مَنْ قَرَّبَنِى وَ  َدْنانِى
وہ جس نے مجھے رزق دیا اور پالااے وہ جس نے مجھے طعام دیا اور سیراب کیا اے وہ جس نے مجھے قریب کیا اور قربت عطا کی
، يَا مَنْ عَصَمَنِى وَكَفانِى، يَا مَنْ حَفِظَنِى وَكَلانِى، يَا مَنْ  َعَزَّنِى
اے وہ جس نے میری نگہداشت کی اور کفالت کی اے وہ جس نے میری حفاظت کی اور حمایت کی اے وہ جس نے مجھے عزت دی
وَ  َغْنانِى، يَا مَنْ وَفَّقَنِى وَهَدانِى، يَا مَنْ آنَسَنِى وَآوانِى، يَا مَنْ
اور دولتمند بنایا اے وہ جس نے میری مدد کی اور ہدایت عطا کی اے وہ جس نے مجھ سے انس کیا اور پناہ دی اے وہ جس نے
 َماتَنِى وَ  َحْيانِى ۔ ﴿67﴾ يَا مَنْ يُحِقُّ الْحَقَّ بِكَلِماتِهِ، يَا مَنْ يَقْبَلُ
مجھے موت دی اور زندہ کیا۔ اے وہ جو اپنے کلام سے حق کو ثابت کرتا ہے اے وہ جو اپنے بندوں کی
التَّوْبَةَ عَنْ عِبادِهِ، يَا مَنْ يَحُولُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَقَلْبِهِ، يَا مَنْ لاَ تَنْفَعُ
توبہ قبول فرماتا ہے اے وہ جو انسان اور اسکے دل کے درمیان حائل ہوتاہے اے وہ جسکے اذن کے بغیر
الشَّفاعَةُ إِلاَّ بِ إِذْنِهِ، يَا مَنْ هُوَ  َعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيلِهِ، يَا مَنْ لاَ
شفاعت کچھ نفع نہیں پہنچاتی اے وہ جو راہ سے بھٹکے ہوئے لوگوں کو خوب جانتا ہے اے وہ جسکے
مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ، يَا مَنْ لاَ رَادَّ لِقَضائِهِ، يَا مَنِ انْقادَ كُلُّ شَيْءٍ لِأَمْرِهِ
حکم کو کوئی ہرگز نہیں ٹال سکتا اے وہ جسکے فیصلے کو کوئی پلٹا نہیں سکتا اے وہ جسکے امرکے آگے ہر چیز جھکی ہوئی ہے
يَا مَنِ السَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ، يَا مَنْ يُرْسِلُ الرِّياحَ بُشْراً بَيْنَ
اے وہ جسکی قدرت سے آسمان باہم لپٹے ہوئے ہیں اے وہ جو اپنی رحمت سے ہوائوں کی خوشخبری دے کر
يَدَىْ رَحْمَتِهِ ۔ ﴿68﴾ يَا مَنْ جَعَلَ الْاَرْضَ مِهاداً، يَا مَنْ جَعَلَ الْجِبالَ

بھیجتاہے۔ اے وہ جس نے زمین کوفرش بنایا اے وہ جس نے پہاڑوں کو میخیں بنایا
ٔوْتاداً، یَا مَنْ جَعَلَ الشَّمْسَ سِراجاً، یَا مَنْ جَعَلَ الْقَمَرَ نُوراً، یَا مَنْ
اے وہ جس نے سورج کو چراغ بنایا اے وہ جس نے چاند کو روشن کیا اے وہ جس نے
جَعَلَ اللَّیْلَ لِباساً، یَا مَنْ جَعَلَ النَّھارَ مَعَاشاً، یَا مَنْ جَعَلَ النَّوْمَ سُباتاً
رات کو پردہ پوشی کے لیے بنایا اے وہ جس نے دن کو کام کاج کا وقت ٹھہرایا اے وہ جس نے نیند کو ذریعہ راحت بنایا
یَا مَنْ جَعَلَ السَّمَائَ بِنائً، یَا مَنْ جَعَلَ الْأَشْیائَ ٔزْواجاً، یَا مَنْ جَعَلَ
اے وہ جس نے آسمان کا شامیانہ لگایا اے وہ جس نے چیزوں میں جوڑے مقرر کیے اے وہ جس نے آتش دوزخ کو
النَّارَ مِرْصاداً ۔ ﴿69﴾ اَللّٰھُمَّ إنِّی ٔسْ ٔلُکَ بِاسْمِکَ یَا سَمِیعُ، یَا شَفِیعُ،
کمین گاہ بنایا۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے سننے والے اے شفاعت والے
یَا رَفِیعُ، یَا مَنِیعُ، یَا سَرِیعُ، یَا بَدِیعُ، یَا کَبِیرُ، یَا قَدِیرُ، یَا خَبِیرُ، یَا
اے بلندی والے اے محفوظ اے جلدی کرنے والے اے ابتداکرنے والے اے بڑائی والے اے قدرت والے اے خبر والے
مُجِیرُ۔ ﴿70﴾ یَا حَیّاً قَبْلَ کُلِّ حَیٍّ، یَا حَیّاً بَعْدَ کُلِّ حَیٍّ، یَا حَیُّ الَّذِی
اے پناہ دینے والے۔ اے ہرزندہ سے پہلے زندہ ہو اے ہرزندہ کے بعد زندہ اے وہ زندہ جسکی
لَیْسَ کَمِثْلِہِ حَیٌّ، یَا حَیُّ الَّذِی لاَ یُشارِکُہُ حَیٌّ، یَا حَیُّ الَّذِی لاَ
مثل کوئی اور زندہ نہیں اے وہ زندہ جسکا کوئی زندہ شریک نہیں اے وہ زندہ جو کسی زندہ کا
یَحْتاجُ إلی حَیٍّ، یَا حَیُّ الَّذِی یُمِیتُ کُلَّ حَیٍّ، یَا حَیُّ الَّذِی یَرْزُقُ
محتاج نہیں اے وہ زندہ جو سب زندوں کو موت دیتا ہے اے وہ زندہ جو سب زندوں کو رزق
کُلَّ حَیٍّ، یَا حَیّاً لَمْ یَرِثِ الْحَیا ۃَ مِنْ حَیٍّ، یَا حَیُّ الَّذِی یُحْیِی الْمَوْتیٰ
دیتا ہے اے وہ زندہ جس نے کسی زندہ سے زندگی نہیں پائی اے وہ زندہ جو زندوں کو موت دیتا ہے
یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ لاَ تَ ٔخُذُہُ سِنَۃٌ وَلاَ نَوْمٌ ۔ ﴿71﴾ یَا مَنْ لَہُ ذِکْرٌ لاَ یُنْسی
اے وہ نگہبان جسے نہ نیند آتی ہے نہ اونگھ۔ اے وہ جسکا ذکر بھلایا نہیں جا سکتا
یَا مَنْ لَہُ نُورٌ لاَ یُطْفیٰ، یَا مَنْ لَہُ نِعَمٌ لاَ تُعَدُّ، یَا مَنْ لَہُ مُلْکٌ لاَ
اے وہ جسکے نور کو بجھایا نہیں جا سکتا اے وہ جسکی نعمتوں کوشمار نہیں کیا جا سکتا اے وہ جسکی بادشاہی
یَزُولُ، یَا مَنْ لَہُ ثَنَائٌ لاَ یُحْصیٰ، یَا مَنْ لَہُ جَلالٌ لاَ یُکَیَّفُ، یَا مَنْ لَہُ
ختم ہونے والی نہیں اے وہ جسکی تعریف کی کوئی حد نہیں اے وہ جسکے جلال کی کیفیت بے بیان ہے اے وہ جسکے
کَمالٌ لاَ یُدْرَکُ، یَا مَنْ لَہُ قَضائٌ لاَ یُرَدُّ، یَا مَنْ لَہُ صِفَاتٌ لاَ تُبَدَّلُ، یَا
کمال کو سمجھا نہیں جا سکتا اے وہ جسکا فیصلہ ٹالا نہیں جا سکتا اے وہ جسکی صفات میں تبدیلی نہیں آسکتی اے
مَنْ لَہُ نُعُوتٌ لاَ تُغَیَّرُ ۔ ﴿72﴾ یَا رَبَّ الْعالَمِینَ، یَا مالِکَ یَوْمِ الدِّینِ، یَا
وہ جسکے وصفوں میں تبدیلی نہیں۔ اے عالمین کے پروردگار اے روز جزا کے مالک اے

غايَةَ الطَّالِبِينَ، يَا ظَهْرَ اللاَّجِينَ، يَا مُدْرِكَ الْهارِبِينَ، يَا مَنْ يُحِبُّ
طالبوں کے مقصود اے پناہ لینے والوں کی پناہ گاہ اے بھاگنے والوں کو پالینے والے اے وہ جو صبر والوں کو
الصَّابِرِينَ، يَا مَنْ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ، يَا مَنْ يُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ، يَا مَنْ
دوست رکھتا ہے اے وہ جو توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے اے وہ جو پاکیزگی والوں کو پسندکرتا ہے اے وہ جو
يُحِبُّ الْمحْسِنِينَ، يَا مَنْ هُوَ َعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ۔ ﴿73﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّى
نیکوکاروں کو پسند کرتا ہے اے وہ جو ہدایت یافتہ لوگوں کو جانتا ہے۔ اے معبود میں تجھ سے
َسْ َلُکَ بِأِسْمِکَ يَا شَفِيقُ، يَا رَفِيقُ، يَا حَفِيظُ، يَا مُحِيطُ، يَا مُقِيتُ، يَا
سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے مہربان اے ہمدم اے نگہدار اے احاطہ کرنے والے اے رزق دینے والے اے
مُغِيثُ، يَا مُعِزُّ، يَا مُذِلُّ، يَا مُبْدِئُ، يَا مُعِيدُ ۔ ﴿74﴾ يَا مَنْ هُوَ َحَدٌ بِلا
فریاد رس اے عز ت دینے والے اے ذلت دینے والے اے پیدا کرنے والے اے لوٹانے والے ۔ اے وہ جو ایسا یگانہ ہے جس کا
ضِدٍّ، يَا مَنْ هُوَ فَرْدٌ بِلا نِدٍّ، يَا مَنْ هُوَ صَمَدٌ بِلا عَيْبٍ، يَا مَنْ هُوَ وِتْرٌ
کوئی مقابل نہیں اے وہ جو ایسا یکتا ہے جسکا شریک نہیں اے وہ جو بے نیاز ہے جس میں کوئی عیب نہیں اے وہ جوایسا فرد ہے
بِلا کَيْفٍ، يَا مَنْ هُوَ قاضٍ بِلا حَيْفٍ، يَا مَنْ هُوَ رَبٌّ بِلا وَزِيرٍ، يَا مَنْ
جس میں کوئی کیفیت نہیں اے وہ جسکا فیصلہ خلاف حق نہیں ہوتا اے وہ رب جسکا کوئی وزیرنہیں ہے اے وہ
هُوَ عَزِيزٌ بِلا ذُلٍّ، يَا مَنْ هُوَ غَنِيٌّ بِلا فَقْرٍ، يَا مَنْ هُوَ مَلِکٌ بِلا عَزْلٍ، يَا
عزت دار جسے ذلت نہیں اے وہ ثروت مند جو محتاج نہیں اے وہ بادشاہ جسے ہٹایا نہیں جا سکتا اے
مَنْ هُوَ مَوْصُوفٌ بِلا شَبِيهٍ ۔ ﴿75﴾ يَا مَنْ ذِکْرُهُ شَرَفٌ لِلذَّاکِرِينَ، يَا
ایسے صفتوں والے جسکی کوئی مثال نہیں۔ اے وہ جسکا ذکر ذاکروں کے لیے وجہ بزرگی ہے اے
مَنْ شُکْرُهُ فَوْزٌ لِلشَّاکِرِينَ، يَا مَنْ حَمْدُهُ عِزٌّ لِلْحامِدِينَ، يَا مَنْ
وہ جسکاشکر شاکروں کے لیے کامیابی ہے اے وہ جسکی حمد، حمدکرنے والوں کے لیے وجہ عزت ہے اے وہ جسکی
طَاعَتُهُ نَجاةٌ لِلْمُطِيعِينَ، يَا مَنْ بابُهُ مَفْتُوحٌ لِلطَّالِبِينَ، يَا مَنْ سَبِيلُهُ
فرمانبرداری فرمانبرداروں کے لیے وجہ نجات ہے اے وہ جسکا دروازہ طلبگاروں کے لیے کھلا رہتا ہے اے وہ جسکا راستہ
واضِحٌ لِلْمُنِيبِينَ، يَا مَنْ آياتُهُ بُرْهانٌ لِلنَّاظِرِينَ، يَا مَنْ کِتابُهُ تَذْکِرَةٌ
توبہ کرنے والوں کیلئے ظاہر و واضح ہے اے وہ جسکی نشانیاں دیکھنے والوں کیلئے پختہ دلیل ہیں اے وہ جسکی کتاب پرہیزگاروں
لِلْمُتَّقِينَ، يَا مَنْ رِزْقُهُ عُمُومٌ لِلطَّائِعِينَ وَالْعاصِينَ، يَا مَنْ رَحْمَتُهُ
کے لیے نصیحت ہے اے وہ جسکا رزق فرمانبرداروں اور نافرمانوں کے لیے یکساں ہے اے وہ جسکی رحمت

قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِينَ ۔ ﴿76﴾ يَا مَنْ تَبارَکَ اسْمُہُ، يَا مَنْ تَعالى جَدُّہُ،

نیکوکاروں کے نزدیک تر ہے۔ اے وہ جسکا نام برکت والا ہے اے وہ جسکی شان بلند ہے

يَا مَنْ لاَ إلہَ غَيْرُہُ، يَا مَنْ جَلَّ ثَناؤُہُ، يَا مَنْ تَقَدَّسَتْ ٴَسْماؤُہُ، يَا مَنْ

اے وہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں اے وہ جسکی تعریف روشن ہے اے وہ جسکے نام پاک وپاکیزہ ہیں اے وہ جسکی

يَدُومُ بَقاؤُہُ، يَا مَنِ الْعَظَمَۃُ بَہاؤُہُ، يَا مَنِ الْکِبْرِياءُ رِداؤُہُ، يَا مَنْ لاَ

ذات ہمیشہ رہنے والی ہے اے وہ کہ بزرگی جسکا جلوہ ہے اے وہ کہ بڑای جسکا لباس ہے اے وہ جسکی

تُحْصى آلاؤُہُ، يَا مَنْ لاَ تُعَدُّ نَعْماؤُہُ ۔ ﴿77﴾ اَللّٰھُمَّ إنِّى ٴَسْٴَ لُکَ

نعمتوں کی حد نہیں اے وہ جسکی نعمتوں کا شمار نہیں۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

بِاسْمِکَ يَا مُعِينُ، يَا ٴَمِينُ، يَا مُبِينُ، يَا مَتِينُ، يَا مَکِينُ، يَا رَشِيدُ، يَا

تیرے نام کے واسطے سے اے مددگار اے امانتدار اے آشکار اے سنجیدہ اے قدرت والے اے ہدایت والے اے

حَمِيدُ، يَا مَجِيدُ، يَا شَدِيدُ، يَا شَہِيدُ ۔ ﴿78﴾ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيدِ، يَا ذَا

تعریف والے اے بزرگی والے اے محکم اے گواہ۔ اے عرش عظیم کے مالک اے سچے قول

الْقَوْلِ السَّدِيدِ، يَا ذَا الْفِعْلِ الرَّشِيدِ، يَا ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيدِ، يَا ذَا

والے اے پختہ تر کام کرنے والے اے سخت گرفت کرنے والے اے وعدہ کرنے

الْوَعْدِ وَالْوَعِيدِ، يَا مَنْ ھُوَ الْوَ لِیُّ الْحَمِيدُ، يَا مَنْ ھُوَ فَعَّالٌ لِما يُرِيدُ،

اور دھمکی دینے والے اے وہ جو قابل تعریف سرپرست ہے اے وہ جو چاہے کر گزرتا ہے

يَا مَنْ ھُوَ قَرِيبٌ غَيْرُ بَعِيدٍ، يَا مَنْ ھُوَ عَلى کُلِّ شَيْءٍ شَھِيدٌ، يَا مَنْ ھُوَ

اے وہ جو ایسا قریب ہے کہ دور نہیں ہوتا اے وہ جو ہر چیز کا دیکھنے والا ہے اے وہ جو

لَيْسَ بِظَلاَّمٍ لِلْعَبِيدِ ۔ ﴿79﴾ يَا مَنْ لاَ شَرِيکَ لَہُ وَلاَ وَزِيرَ، يَا مَنْ لاَ

بندوں پر ہرگز ظلم نہیں کرتا۔ اے وہ جسکا نہ کوئی شریک ہے نہ وزیر اے وہ جسکی نہ

شَبِيہَ لَہُ وَلاَ نَظِيرَ، يَا خالِقَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُنِيرِ، يَا مُغْنِیَ الْبائِسِ

کوئی مثل ہے نہ ثانی اے سورج اور روشن چاند کے خالق اے نادار و بے نوا کو ثروت

الْفَقِيرِ، يَا رازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيرِ، يَا راحِمَ الشَّيْخِ الْکَبِيرِ، يَا جابِرَ

دینے والے اے ننھے بچے کو رزق دینے والے اے بڑے بوڑھے پر رحم کرنے والے اے ٹوٹی ہوئی

الْعَظْمِ الْکَسِيرِ، يَا عِصْمَۃَ الْخائِفِ الْمُسْتَجِيرِ، يَا مَنْ ھُوَ بِعِبادِهِ خَبِيرٌ

ہڈیوں کو جوڑنے والے اے خوفزدہ کو پناہ دینے والے اے وہ جو خود اپنے بندوں کو جانتا اور

بَصِيرٌ، يَا مَنْ ھُوَ عَلى کُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۔ ﴿80﴾ يَا ذَا الْجُودِ وَالنِّعَمِ ، يَا

دیکھتا ہے اے وہ جو ہرچیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اے نعمتوں والے سخی اے

ذَا الْفَضْلِ وَالْکَرَمِ، يَا خالِقَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ، يَا بارِئَ الذَّرِّ وَالنَّسَمِ ، يَا

فضل و کرم کرنے والے اے لوح و قلم کے پیدا کرنے والے اے انسانوں اور حشرات کے خلق کرنے والے اے

ذَا الْبَٴْسِ وَالنِّقَمِ، يَا مُلْھِمَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ، يَا کاشِفَ الضُّرِّ وَالْاَلَمِ، يَا

سخت گیر اور بدلہ لینے والے اے عرب و عجم کو الہام کرنے والے اے درد و غم کو دور کرنے والے اے

عالِمَ السِّرِّ وَالْھِمَمِ، يَا رَبَّ الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ، يَا مَنْ خَلَقَ الْاَشْياءَ مِنَ

راز و نیت کے جاننے والے اے کعبہ و حرم کے پروردگار اے وہ جس نے چیزوں کو عدم سے پیدا کیا۔
الْعَدَمِ ۔ ﴿81﴾ اَللّٰھُمَّ إنِّی َسْ َ لُکَ بِاسْمِکَ یَا فاعِلُ، یَا جاعِلُ، یَا قابِلُ،
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے کام کرنے والے اے بنانے والے اے قبول کرنے والے
یَا کامِلُ، یَا فاصِلُ، یَا واصِلُ، یَا عادِلُ، یَا غالِبُ، یَا طالِبُ، یَا
اے کامل اے جداکرنے والے اے ملانے والے اے عدل کرنے والے اے غلبہ والے اے طلب کرنے والے اے
واھِبُ ۔ ﴿82﴾ یَا مَنْ َ نْعَمَ بِطَوْ لِہِ، یَا مَنْ َکْرَمَ بِجُودِہِ، یَا مَنْ جادَ
عطا کرنے والے اے وہ جس نے اپنے فضل سے نعمت بخشی اے وہ جو سخاوت میں بلند ہے اے وہ جس نے مہربانی
بِلُطْفِہِ، یَا مَنْ تَعَزَّزَ بِقُدْرَتِہِ، یَا مَنْ قَدَّرَ بِحِکْمَتِہِ، یَا مَنْ حَکَمَ
سے عطافرمایا اے وہ جس نے اپنی قدرت سے عزت دی اے وہ جس نے حکمت سے اندازہ ٹھہرایا اے وہ جس نے اپنی رائے سے
بِتَدْبِیرِہِ، یَا مَنْ دَ بَّرَ بِعِلْمِہِ، یَا مَنْ تَجاوَزَ بِحِلْمِہِ، یَا مَنْ دَنَا فِی عُلُوِّہِ،
حکم دیا اے وہ جس نے اپنے علم سے نظم قائم کیا اے وہ جو اپنی بردباری سے معاف کرتا ہے اے وہ جو بلند ہوتے ہوئے بھی قریب
یَا مَنْ عَلا فِی دُ نُوِّہِ ۔ ﴿83﴾ یَا مَنْ یَخْلُقُ ما یَشَاۓُ، یَا مَنْ یَفْعَلُ ما
ہے اے وہ جو نزدیکی میں بھی بلند ہے۔ اے وہ کہ جو چاہے پیدا کرتا ہے اے وہ کہ جو چاہے کرگزرتا
یَشَاۓُ، یَا مَنْ یَھْدِی مَنْ یَشَاۓُ، یَا مَنْ یُضِلُّ مَنْ یَشَاۓُ، یَا مَنْ یُعَذِّبُ
ہے اے وہ کہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے گمراہ کرتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے عذاب
مَنْ یَشَاۓُ، یَا مَنْ یَغْفِرُ لِمَنْ یَشَاۓُ، یَا مَنْ یُعِزُّ مَنْ یَشَاۓُ، یَا مَنْ یُذِلُّ
دیتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے بخشتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے عزت دیتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے
مَنْ یَشَاۓُ، یَا مَنْ یُصَوِّرُ فِی الْاَرْحامِ مَا یَشَاۓُ، یَا مَنْ یَخْتَصُّ
ذلت دیتا ہے اے وہ کہ شکموں میں جیسی چاہے صورت بناتا ہے اے وہ کہ جسے چاہے اپنی
بِرَحْمَتِہِ مَنْ یَشَاۓُ ۔ ﴿84﴾ یَا مَنْ لَمْ یَتَّخِذْ صاحِبَۃً وَلاَ وَلَداً، یَا مَنْ
رحمت سے خاص کرتا ہے۔ اے وہ جس نے نہ بیوی کی اور نہ اولاد والا ہوا اے وہ جس نے ہر چیز کا
جَعَلَ لِکُلِّ شَیْئٍ قَدْراً، یَا مَنْ لاَ یُشْرِکُ فِی حُکْمِہِ َحَداً، یَا مَنْ جَعَلَ
ایک انداز ٹھہرایا اے وہ جسکی حکومت میں کوئی حصہ دار نہیں اے وہ جس نے فرشتوں
الْمَلائِکَۃَ رُسُلاً، یَا مَنْ جَعَلَ فِی السَّماۓِ بُرُوجاً، یَا مَنْ جَعَلَ الْاَرْضَ
کو قاصد قرار دیا اے وہ جس نے آسمان میں برج ترتیب دیے اے وہ جس نے زمین کو رہنے کی
قَراراً، یَا مَنْ خَلَقَ مِنَ الْمَاۓِ بَشَراً، یَا مَنْ جَعَلَ لِکُلِّ شَیْئٍ َمَداً، یَا
جگہ بنایا اے وہ جس نے انسان کو قطرہ آب سے پیدا کیا اے وہ جس نے ہر چیز کی مدت مقرر فرمائی اے
مَنْ َحاطَ بِکُلِّ شَیْئٍ عِلْماً، یَا مَنْ َحْصی کُلَّ شَیْئٍ عَدَداً ۔ ﴿85﴾
وہ جسکا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اے وہ جس نے سب چیزوں کا شمار کر رکھا ہے۔
اَللّٰھُمَّ إنِّی َسْ َ لُکَ بِاسْمِکَ یَا َوَّلُ، یَا آخِرُ، یَا ظاھِرُ، یَا باطِنُ، یَا بَرُّ،

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے اول اے آخر اے ظاہر اے باطن اے نیک
یَا حَقُّ، یَا فَرْدُ، یَا وِتْرُ، یَا صَمَدُ، یَا سَرْمَدُ ۔ ﴿86﴾ یَا خَیْرَ مَعْرُوفٍ
اے حق اے یکتا اے یگانہ اے بے نیاز اے دائم۔ اے پہچانے ہوئوں میں بہترین
عُرِفَ، یَا َ فْضَلَ مَعْبُودٍ عُبِدَ، یَا َجَلَّ مَشْکُورٍ شُکِرَ، یَا َعَزَّ مَذْکُورٍ
پہچانے ہوئے اے بہترین معبود کہ جسکی عبادت کی جائے اے شکر کیے ہو ؤں میں بہترین شکر کیے گئے اے ذکر کئے ہوؤں میں
ذُکِرَ، یَا َعْلی مَحْمُودٍ حُمِدَ، یَا َقْدَمَ مَوْجُودٍ طُلِبَ، یَا َرْفَعَ
بلندتر اے تعریف کیے ہوؤں میں بالاتر اے ہر موجود سے قدیم جو طلب کیا گیا اے ہر موصوف سے
مَوْصُوفٍ وُصِفَ، یَا َکْبَرَ مَقْصُودٍ قُصِدَ، یَا َکْرَمَ مَسْؤُولٍ سُئِلَ، یَا
اعلٰی جس کی توصیف کی گئی اے ہرمقصود سے بلند کہ جسکا قصد کیا گیا اے ہر سوال شدہ سے باعزت جس سے سوال ہوا اے
َشْرَفَ مَحْبُوبٍ عُلِمَ ۔ ﴿87﴾ یَا حَبِیبَ الْباکِینَ، یَا سَیِّدَ الْمُتَوَکِّلِینَ، یَا
بہترین محبوب۔ اے رونے والوں کے دوست اے توکل کرنے والوں کے سردار اے
ہادِیَ الْمُضِلِّینَ، یَا وَ لِیَّ الْمُئْومِنِینَ، یَا َنِیسَ الذَّاکِرِینَ، یَا مَفْزَعَ
گمراہوں کو ہدایت دینے والے اے مومنوں کے سرپرست اے یادکرنے والوں کے ہمدم اے دل جلوں
الْمَلهُوفِینَ، یَا مُنْجِیَ الصَّادِقِینَ، یَا َقْدَرَ الْقادِرِینَ، یَا َعْلَمَ
کی پناہ گاہ اے سچے لوگوں کو نجات دینے والے اے قدرت والوں میں بڑے باقدرت اے علم والوں سے
الْعالِمِینَ، یَا إلہَ الْخَلْقِ َجْمَعِینَ ۔ ﴿88﴾ یَا مَنْ عَلا فَقَهَرَ، یَا مَنْ مَلَکَ
زیادہ علم رکھنے والے اے ساری مخلوق کے معبود۔ اے وہ جو بلند اور مسلط ہے اے وہ جو مالک
فَقَدَرَ، یَا مَنْ بَطَنَ فَخَبَرَ، یَا مَنْ عُبِدَ فَشَکَرَ، یَا مَنْ عُصِیَ فَغَفَرَ، یَا
و توانا ہے اے وہ جونہاں اور خبردار ہے اے وہ جو معبود ہے تو شاکر بھی ہے اے وہ جسکی معصیت ہو تو بخش دیتا ہے اے
مَنْ لاَ تَحْوِیهِ الْفِکَرُ، یَا مَنْ لاَ یُدْرِکُهُ بَصَرٌ، یَا مَنْ لاَ یَخْفی عَلَیْهِ َثَرٌ
وہ جسکو فکر پا نہیں سکتی اے وہ جسے آنکھ دیکھ نہیں سکتی اے وہ جس پر کوئی نشان مخفی نہیں ہے اے بشر کو
یَا رازِقَ الْبَشَرِ، یَا مُقَدِّرَ کُلِّ قَدَرٍ ۔ ﴿89﴾ اَللّٰھُمَّ إنِّی َسْ َ لُکَ بِاسْمِکَ
روزی دینے والے اے ہر اندازے کے مقرر کرنے والے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے
یَا حافِظُ، یَا بارِیَُ، یَا ذارِیَُ یَا باذِخُ، یَا فارِجُ، یَا فاتِحُ، یَا کاشِفُ،
نگہبان اے پیدا کرنے والے اے ظاہر کرنے والے اے بلندی والے اے کشائش دینے والے اے کھولنے والے اے نمایاں
یَا ضامِنُ، یَا آمِرُ، یَا ناهِی ۔ ﴿90﴾ یَا مَنْ لاَ یَعْلَمُ الْغَیْبَ إلاَّ هُوَ، یَا مَنْ
کرنے والے اے ذمہ دار اے حکم کرنے والے اے روکنے والے۔ اے وہ جسکے سوا کوئی بھی غیب نہیں جانتا اے وہ جسکے
لاَ یَصْرِفُ السُّوئَ إلاَّ هُوَ، یَا مَنْ لاَ یَخْلُقُ الْخَلْقَ إلاَّ هُوَ، یَا مَنْ لاَ

سوا کوئی دکھ دور نہیں کر سکتا اے وہ جسکے سوا کوئی بھی خلق نہیں کر سکتااے وہ جسکے سوا
يَغْفِرُ الذَّنْبَ إلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يُتِمُّ النِّعْمَةَ إلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يُقَلِّبُ
کوئی گناہ معاف نہیں کرتا اے وہ جسکے سوا کوئی نعمت تمام نہیں کرتا اے وہ جسکے سوا کوئی دلوں کو
الْقُلُوبَ إلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ إلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ إلاَّ
نہیں پلٹاتا اے وہ جسکے سوا کوئی کام پورے نہیں کرتا اے وہ جسکے سوا کوئی بارش نہیں برساتا
هُوَ، يَا مَنْ لاَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ إلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ يُحْيِى الْمَوْتى إلاَّ هُوَ ۔ ﴿91﴾
اے وہ جسکے سوا کوئی روزی نہیں بڑھاتا اے وہ جسکے سوا کوئی مردے زندہ نہیں کرتا۔
يَا مُعِينَ الْضُعَفائِ، يَا صاحِبَ الْغُرَبائِ، يَا ناصِرَ الْاَوْ لِيائِ، يَا
اے کمزوروں کے مددگار اے مسافروںکے ہمدم اے دوستوں کی مدد کرنے والے اے
قاهِرَ الْاَعْدائِ، يَا رافِعَ السَّمائِ، يَا ٔنِيسَ الْاَصْفِيائِ، يَا حَبِيبَ
دشمنوں پر غلبہ پانے والے اے آسمان کو بلند کرنے والے اے خواص کے ساتھی اے پرہیزگاروں کے
الْاَتْقِيائِ، يَا كَنْزَ الْفُقَرائِ، يَا إلہَ الْاَغْنِيائِ، يَا ٔكْرَمَ الْكُرَمائِ ۔ ﴿92﴾ يَا
دوست اے بے مایوں کے خزانے اے دولتمندوں کے معبود اے کریموں سے زیادہ کریم۔ اے
كافِياً مِنْ كُلِّ شَيْئٍ، يَا قائِماً عَلَىٰ كُلِّ شَيْئٍ، يَا مَنْ لاَ يُشْبِهُهُ شَيْئٌ،
ہر چیز سے کفایت کرنے والے اے ہر چیز کی نگرانی کرنے والے اے وہ جسکی مثل کوئی چیز نہیں
يَا مَنْ لاَ يَزِيدُ فِى مُلْكِهِ شَيْئٌ، يَا مَنْ لاَ يَخْفى عَلَيْهِ شَيْئٌ، يَا مَنْ لاَ
اے وہ جسکی حکومت میں کوئی چیز اضافہ نہیں کر سکتی اے وہ جس سے کوئی چیز مخفی نہیں اے وہ جسکے
يَنْقُصُ مِنْ خَزائِنِهِ شَيْئٌ، يَا مَنْ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْئٌ، يَا مَنْ لاَ يَعْزُبُ
خزانوں میں کسی شئی سے کمی نہیں آتی اے وہ جسکی مثل کوئی چیز نہیں اے وہ جسکے علم سے
عَنْ عِلْمِهِ شَيْئٌ، يَا مَنْ هُوَ خَبِيرٌ بِكُلِّ شَيْئٍ، يَا مَنْ وَسِعَتْ رَحْمَتُهُ
کوئی چیز باہر نہیں ہے اے وہ جو ہر چیز کی خبر رکھتا ہے اے وہ جسکی رحمت ہر چیز تک وسیع ہے۔
كُلَّ شَيْئٍ ۔ ﴿93﴾ اَللّٰهُمَّ إنِّى ٔسْ ٔلُکَ بِاسْمِکَ يَا مُكْرِمُ، يَا مُطْعِمُ، يَا
اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اے عزت دینے والے اے کھانا دینے والے اے نعمت دینے
مُنْعِمُ، يَا مُعْطِى، يَا مُغْنِى، يَا مُقْنِى، يَا مُفْنِى، يَا مُحْيِى، يَا مُرْضِى،
والے اے عطا کرنے والے اے غنی بنانے والے اے ذخیرہ کرنے والے اے فنا کرنے والے اے زندہ کرنے والے اے بیماری
يَا مُنْجِى ۔ ﴿94﴾ يَا ٔوَّلَ كُلِّ شَيْئٍ وَآخِرَهُ، يَا إلہَ كُلِّ شَيْئٍ وَمَلِيكَهُ، يَا
دینے والے اے نجات دینے والے۔ اے ہر چیز سے پہلے اور اسکے بعد اے ہرچیز کے معبود اور اسکے مالک اے
رَبَّ كُلِّ شَيْئٍ وَصانِعَهُ، يَا بارِئَ كُلِّ شَيْئٍ وَخالِقَهُ، يَا قابِضَ كُلِّ
ہر چیز کے پروردگار اور اسے بنانے والے اے ہر چیز کے پیدا کرنے والے اوراندازہ ٹھہرانے والے اے ہرچیز کو بند کرنے
شَيْئٍ وَباسِطَهُ، يَا مُبْدِئَ كُلِّ شَيْئٍ وَمُعِيدَهُ، يَا مُنْشِئَ كُلِّ شَيْئٍ
اور کھولنے والے اے ہر چیزکا آغاز کرنے والے اور اسے لوٹانے والے اے ہر چیز کو بڑھانے
وَمُقَدِّرَهُ، يَا مُكَوِّنَ كُلِّ شَيْئٍ وَمُحَوِّلَهُ، يَا مُحْيِىَ كُلِّ شَيْئٍ وَمُمِيتَهُ،

اور اسکا اندازہ کرنے والے اے ہر چیز کو بنانے اور اسے تبدیل کرنے والے اے ہر چیز کو زندہ کرنے اور اسے موت دینے والے

يَا خالِقَ كُلِّ شَيْئٍ وَوارِثَہُ ۔ ﴿95﴾ يَا خَيْرَ ذاكِرٍ وَمَذْكُورٍ، يَا خَيْرَ

اے ہر چیز کے خالق و وارث۔ اے بہترین ذکر کرنے والے اور ذکر کیے ہوئے اے بہترین شکر کرنے والے اور شکرکیے ہوئے

شاكِرٍ وَمَشْكُورٍ، يَا خَيْرَ حامِدٍ وَمَحْمُودٍ، يَا خَيْرَ شاهِدٍ وَمَشْهُودٍ، يَا

اے بہترین حمد کرنے والے اور حمد کیے ہوئے اے بہترین گواہ اور گواہی دیے ہوئے اے بہترین بلانے

خَيْرَ داعٍ وَمَدْعُوٍّ، يَا خَيْرَ مُجِيبٍ وَمُجابٍ، يَا خَيْرَ مُؤْنِسٍ وَ َنِيسٍ، يَا

والے اور بلائے ہوئے اے بہترین جواب دینے والے اور جواب دیئے ہوئے اے بہترین انس کرنے والے اور انس کیے ہوئے

خَيْرَ صاحِبٍ وَجَلِيسٍ، يَا خَيْرَ مَقْصُودٍ وَمَطْلُوبٍ، يَا خَيْرَ حَبِيبٍ

اے بہترین رفیق اور ہم نشین اور بہترین قصد کیے ہوئے اور طلب کئے گئے اے بہترین دوست

وَمَحْبُوبٍ ﴿96﴾ يَا مَنْ هُوَ لِمَنْ دَعاهُ مُجِيبٌ، يَا مَنْ هُوَ لِمَنْ َطاعَہُ

اوردوست رکھے ہوئے۔ اے وہ جسے پکارا جائے توجواب دیتا ہے اے وہ جسکی اطاعت کی جائے تو

حَبِيبٌ، يَا مَنْ هُوَ إِلَى مَنْ َحَبَّہُ قَرِيبٌ، يَا مَنْ هُوَ بِمَنِ اسْتَحْفَظَہُ

محبت کرتا ہے اے وہ جو محبت کرنے والے کے قریب ہوتا ہے اے وہ جو طالبِ حفاظت کا نگہبان ہے

رَقِيبٌ، يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَجاهُ كَرِيمٌ، يَا مَنْ ہُوَ بِمَنْ عَصاهُ حَلِيمٌ، يَا

اے وہ جو امیدوار پر کرم کرتا ہے اے وہ جو نافرمان کے ساتھ نرمی کرتا ہے اے

مَنْ هُوَ فِي عَظَمَتِہِ رَحِيمٌ، يَا مَنْ هُوَ فِي حِكْمَتِہِ عَظِيمٌ، يَا مَنْ هُوَ فِي

وہ جو اپنی بڑائی کے باوجود مہربان ہے اے وہ جو اپنی حکمت میں بلند ہے اے وہ جو قدیم احسان

إِحْسانِہِ قَدِيمٌ، يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ َرادَهُ عَلِيمٌ ۔ ﴿97﴾ اَللّٰهُمَّ إِنِّي َسْ َ لُکَ

والا ہے اے وہ جو ارادہ رکھنے والے کو جانتا ہے۔ اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے

بِاسْمِکَ يَا مُسَبِّبُ، يَا مُرَغِّبُ، يَا مُقَلِّبُ، يَا مُعَقِّبُ، يَا مُرَتِّبُ، يَا

اے سبب بنانے والے اے شوق دلانے والے اے پلٹانے والے اے پیچھا کرنے والے اے تربیت کرنے والے اے

مُخَوِّفُ، يَا مُحَذِّرُ، يَا مُذَكِّرُ، يَا مُسَخِّرُ، يَا مُغَيِّرُ ۔ ﴿98﴾ يَا مَنْ عِلْمُہُ

خوف دلانے والے اے ڈرانے والے اے یادکرنے والے اے پابند کرنے والے اے بدلنے والے۔ اے وہ جسکا علم

سابِقٌ، يَا مَنْ وَعْدُهُ صادِقٌ، يَا مَنْ لُطْفُہُ ظاهِرٌ، يَا مَنْ َمْرُهُ غالِبٌ،

سبقت رکھتا ہے اے وہ جسکا وعدہ سچا ہے اے وہ جسکا لطف ظاہر ہے اے وہ جسکا حکم غالب ہے

يَا مَنْ كِتابُہُ مُحْكَمٌ، يَا مَنْ قَضاؤُهُ كائِنٌ، يَا مَنْ قُرْآنُہُ مَجِيدٌ، يَا مَنْ

اے وہ جسکی کتاب محکم ہے اے وہ جسکا فیصلہ نافذ ہے اے وہ جسکا قرآن شان والا ہے اے وہ جسکی

مُلْكُہُ قَدِيمٌ، يَا مَنْ فَضْلُہُ عَمِيمٌ، يَا مَنْ عَرْشُہُ عَظِيمٌ ۔ ﴿99﴾ يَا مَنْ لاَ

حکومت قدیمی ہے اے وہ جسکا فضل عام ہے اے وہ جسکا عرش عظیم ہے۔ اے وہ جسے ایک

يَشْغَلُہُ سَمْعٌ عَنْ سَمْعٍ، يَا مَنْ لاَ يَمْنَعُہُ فِعْلٌ عَنْ فِعْلٍ، يَا مَنْ لاَ يُلْهِيہِ

سماعت دوسری سماعت سے غافل نہیں کرتی اے وہ جس کیلئے ایک فعل دوسرے فعل سے مانع نہیں ہوتا اے وہ جس کیلئے ایک قول

قَوْلٌ عَنْ قَوْلٍ، یَا مَنْ لاَ یُغَلِّطُہُ سُوَالٌ عَنْ سُوَالٍ، یَا مَنْ لاَ یَحْجُبُہُ
دوسرے قول میں خلل نہیں ڈالتا اے وہ جسے ایک سوال دوسرے سوال میں غلطی نہیں کراتا اے وہ جسکے لیے ایک چیز دوسری
شَیْئٌ عَنْ شَیْئٍ، یَا مَنْ لاَ یُبْرِمُہُ إلْحاحُ الْمُلِحِّینَ، یَا مَنْ ھُوَ غایَۃُ
چیز کے آگے حائل نہیں ہوئی اے وہ جسے اصرار کرنے والوں کااصرار تنگ دل نہیں کرتا اے وہ جو ارادہ کرنے والوں کے
مُرادِ الْمُرِیدِینَ، یَا مَنْ ھُوَ مُنْتَہی ھِمَمِ الْعارِفِینَ، یَا مَنْ ھُوَ مُنْتَہی
ارادے کی انتہا ہے اے وہ جو عارفوں کی امنگوں کا نقطئہ آخر ہے اے وہ جو طلبگاروں کی طلب
طَلَبِ الطَّالِبِینَ، یَا مَنْ لاَ یَخْفی عَلَیْہِ ذَرَّ ۃٌ فِی الْعالَمِینَ ۔ ﴿100﴾ یَا
کی انتہا ہے اے وہ جسکے لیے سارے جہانوں میںسے ایک ذرہ بھی پوشیدہ نہیں۔ اے
حَلِیماً لاَ یَعْجَلُ، یَا جَوَاداً لاَ یَبْخَلُ، یَا صادِقاً لاَ یُخْلِفُ، یَا وَہَّاباً لاَ
وہ بردبار جو جلدی نہیں کرتا اے وہ داتا جو ہاتھ نہیں کھینچتا اے وہ صادق جو خلاف ورزی نہیں کرتا اے وہ دینے والا جو
یَمَلُّ، یَا قاھِراً لاَ یُغْلَبُ، یَا عَظِیماً لاَ یُوصَفُ، یَا عَدْلاً لاَ یَحِیفُ، یَا
تھکتا نہیں اے زبردست جو مغلوب نہیں ہوتا اے بے بیان عظمت والے اے وہ عادل جو ظالم نہیں اے
غَنِیّاً لاَ یَفْتَقِرُ، یَا کَبِیراً لاَ یَصْغُرُ، یَا حافِظاً لاَ یَغْفُلُ، سُبْحانَکَ یَا لاَ إلہَ
وہ دولت والے جو کسی کا محتاج نہیں اے وہ بڑا جو چھوٹا نہیں اے وہ نگہبان جو غافل نہیں تو پاک ہے اے وہ کہ سوائے تیرے
إلاَّ ٲَنْتَ، الْغَوْثَ الْغَوْثَ خَلِّصْنا مِنَ النَّارِ یَا رَبِّ۔
کوئی معبود نہیں اے فریاد رس اے فریاد رس ہمیں آتش جہنم سے بچالے اے پالنے والے